ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | بدھ 05 ربیع الاول 1448ھ 19 اگست 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 38

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

زیارت ہرنائی اور سوراب میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائی، 9 سے زائد دہشتگرد ہلاک

زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی سلسلے میں بڑا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، دہشتگردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیکر کارروائی کی گئی، 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے

سوراب میں دہشتگردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگا کر کامیاب آپریشن میں ایک اور دہشتگرد کو ہلاک کیا قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم، واکی ٹاکی، 3 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد، سیکورٹی حکام

وزیر داخلہ محسن نقوی کا بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین، صوبے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق

کوئٹہ، اسلام آباد (سٹی رپورٹر، زاہد احمد خان) بلوچستان کے علاقوں زیارت، ہرنائی اور سوراب میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 9 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ جبکہ ان کے ٹھکانوں کو تباہ کر کے وہاں سے دستی بم ایمونیشن، میگزین، واکی ٹاکی سیٹ، 3 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد کر لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق زیارت، ہرنائی اور سوراب میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے، خفیہ اطلاع پر زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی سلسلے میں بڑا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، دہشتگردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیکر کارروائی کی گئی جس میں 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ضلع سوراب میں فورسز نے دشت گنائی اور حاجکہ کے درمیان دہشتگردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا، حاجکہ گاؤں میں کامیاب آپریشن کر کے ایک اور دہشتگرد کو ہلاک کر دیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم، واکی ٹاکی، 3 موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی فورسز دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں۔ دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی میر شفیق مینگل سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

خضدار خودکش حملے کے شہداء کی فاتحہ خوانی، زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا

کوئٹہ، اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مینگل ہاؤس اسلام آباد جا کر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گزشتہ دنوں خضدار میں میر شفیق الرحمن مینگل کی رہائش گاہ پر فتنہ ہندوستان کے دہشتگردانہ خودکش حملے اور اس کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے لیے تعزیت۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی میر شفیق مینگل سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

مفاہمتی یادداشت میں توسیع مسترد، آبنائے ہرمز امریکی ملکیت ہے، ٹرمپ

ایران اور امریکہ کے درمیان کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے اور نہ ہی کوئی بات چیت طے ہے، امریکی صدر کا پیغام

آبنائے ہرمز کھلی ہوئی ہے، تمام بارودی سرنگیں یا تو ہٹا دی گئی ہیں یا انہیں ناکارہ بنا کر تباہ کر دیا گیا ہے، عرب میڈیا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت میں توسیع سے انکار کرتے ہوئے تہران سے ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ کر دیا۔ عرب میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے ساتھ ختم ہونے والی مفاہمت کی یادداشت میں توسیع نہیں چاہتا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ اس وقت ایران اور امریکہ کے درمیان کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد تک آبنائے ہرمز نہیں کھلے گی، باقر قالیباف

منجمد اثاثے جاری، تیل پر پابندیاں اٹھائی جائیں، تمام محاذوں پر فوجی کارروائیوں کے خاتمے تک ہرمز بند رہے گی

مفاہمتی یادداشت سے حاصل ہونے والے موقع نے دفاعی صلاحیتوں کی بحالی میں اہم کردار ادا کیا، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (م ڈ) ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے ایک بار پھر کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اس وقت تک نہیں کھولی جائے گی جب تک امریکہ مفاہمتی یادداشت میں طے شدہ شرائط پر عمل نہیں کرتا۔ امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں ایران کی مذاکراتی ٹیم کے سربراہی کرنے والے قالیباف نے تسلیم کیا کہ جنگ بندی اور ناکہ بندی کے خاتمے کے لیے مفاہمتی یادداشت سے حاصل ہونے والے موقع نے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف پاکستان میں گوگل کے پہلے آفس کا افتتاح کر رہے ہیں

عمران خان سے نورین نیازی کی ملاقات کروا دی گئی، فیملی ممبران میڈیا ٹاک نہیں کرینگے، عدالت عظمیٰ، فوری ہسپتال منتقل نہیں کیا جا سکتا، ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی مخالفت

علاج کیلئے عمران خان کو نجی ہسپتال منتقل کیا جائے، سپریم کورٹ

حکومت کا فیصلے پر اپیل دائر کرنے کا اعلان

بانی کیلئے میڈیکل بورڈ تشکیل دیا جائے، ہسپتال کے باہر امن و امان کی صورتحال متاثر نہیں ہونی چاہیے، ہسپتال کے اخراجات اہل خانہ برداشت کریں گے، صحت پر سیاست نہیں کرنی چاہیے، جسٹس نعیم افغان

جسٹس شاہد وحید کی بانی پی ٹی آئی کا تمام میڈیکل ریکارڈ آئندہ سماعت سے قبل جمع کرانے کی ہدایت، سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی سے 3 سال کے دوران بہنوں کی ملاقاتوں کی تمام تفصیلات طلب کر لیں

ڈاکٹر عظمیٰ اور ڈاکٹر فیصل سلطان میڈیکل بورڈ میں شامل ہوں گے بانی کی اہل خانہ سے ہفتہ وار ملاقات، بانی پی ٹی آئی کی بیٹوں سے ہفتے میں دو بار ٹیلی فونک گفتگو کرائی جائے، عدالت عظمیٰ تحریری حکمنامہ

عمران خان کی صحت کو سیاست کیلئے استعمال نہیں کرنا، سلمان راجہ، 25 کروڑ عوام کی امید عدلیہ ہے، سہیل آفریدی، دیگر اسیر رہنماؤں کو بھی ریلیف ملنا چاہیے، فیصل جاوید، پی ٹی آئی کا فیصلے کا خیر مقدم

فیصلہ آزادانہ اور میرٹ پر مبنی ہے، رانا ثناءاللہ، فیصلے پر من و عن عمل کریں گے، طارق فضل، بہت سے قیدیوں کو صحت کے مسائل کا سامنا ہے کیا سپریم کورٹ کا یہ حکم تمام قیدیوں کے لیے ہوگا؟، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانی پی ٹی آئی کو اگلی سماعت تک شفا ہسپتال منتقل کرنے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت بانی پی ٹی آئی عمران خان کی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ہم مایوس تھے اللہ نے انصاف فراہم کیا، علیمہ خان

اللہ کا شکر ہے کہ عمران خان کا اب معائنہ اور علاج ہوگا، ہم خوش ہیں

ججز کے شکرگزار، عدالت کو یقین دہانی کرائی ہے کوئی سیاسی بات نہیں کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے سپریم کورٹ کی جانب سے بانی پی ٹی آئی کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے اور علاج کی سہولت فراہم کرنے کے فیصلے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنے جذبات اور خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے عدلیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ججز کی شکرگزار ہیں جنہوں نے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گوگل پاکستان کے دفتر کا افتتاح، نوجوان ملک کی قسمت بدل سکتے ہیں، شہباز شریف

خوش آئند اتفاق ہے کہ گوگل ایسے وقت پاکستان آیا جب ملک حکمرانی کے مختلف شعبوں میں ڈیجیٹل تبدیلی سے گزر رہا ہے

گوگل نے مقامی کاروباری اداروں اور گھرانوں کے لیے 3.9 کھرب روپے سے زائد کی معاشی سرگرمی میں حصہ ڈالا

گزشتہ ایک دہائی سے گوگل پاکستان میں سرمایہ کاری اور یہاں اپنے عزم کو آگے بڑھا رہا ہے، افتتاح کے موقع پر اظہار خیال

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں گوگل پاکستان کے دفتر کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ گوگل کے ساتھ شاندار شراکت داری اور مختلف۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد دہشتگردی عدالت نے علیمہ خان کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا

علیمہ خان نے احتجاج کی ویڈیوز کا بین الاقوامی فرانزک کرانے کی استدعا کی تھی

ویڈیوز غیر متعلقہ ہیں، جج امجد علی شاہ نے مزید سماعت 25 اگست تک ملتوی کر دی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی نے علیمہ خان کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا، عدالت نے پراسیکیوشن کے اعتراضات۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون کے اغواء کا نوٹس، وزیر داخلہ نے رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قمبرانی روڈ کی رہائشی مسماۃ اسماء ولد امان اللہ کے مبینہ اغوا اور تشدد کا نوٹس لیتے ہوئے 24 گھنٹے میں حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر



اسٹیج اداکارہ پر تشدد اور مبینہ جنسی زیادتی کے مقدمے میں پیشرفت

عدالت نے ملزم باسر خان کو شامل تفتیش کرنے کا حکم دے دیا، ریکارڈ طلب

لاہور (بیورو رپورٹ) اسٹیج اداکارہ عروج پر تشدد اور مبینہ جنسی زیادتی کے مقدمے میں پیش رفت ہوئی جب کہ سیشن کورٹ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

نورین نیازی کی بانی سے ملاقات، صحافی کے سوال پر خاموش رہنے کا اشارہ

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کی بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کروا دی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق ملاقات کانفرنس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی اسپتال منتقلی کیلئے سکیورٹی پلان مرتب

کمرے کی سکیورٹی اڈیالہ جیل انتظامیہ کے پاس ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے حکم کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اسپتال منتقلی کیلئے سکیورٹی پلان مرتب کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسپتال۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا گیا

پیٹرول 3 روپے 34 پیسے، ڈیزل 5 روپے 27 پیسے فی لیٹر مہنگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن نے 19 اگست کیلئے پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں کا نوٹی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

وقت نے ثابت کر دیا سیاسی ہتھکنڈوں سے کسی کو مائنس نہیں کیا جا سکتا، بیرسٹر گوہر

عمران خان کی صحت پر کبھی سیاست نہیں کریں گے، عدالتی حکم پر عمل ہوگا تو حکومت کے ساتھ بات آگے بڑھے گی

بشریٰ بی بی کی صحت سے متعلق مسائل بھی حل کیے جائیں، طبی سہولیات ملنا ان کا قانونی حق ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم عمران خان کی صحت پر کبھی سیاست نہیں کریں گے، عدالتی حکم پر عمل ہوگا تو حکومت کے ساتھ بات آگے بڑھے گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر علی نے کہا کہ وقت نے ثابت کر دیا کہ سیاسی ہتھکنڈوں سے کسی کو مائنس نہیں کیا جا سکتا، ہم بھی کسی کو سیاسی طور پر مائنس کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عدالت کے حکم پر عملدرآمد ہوگا تو آگے بات بنے گی، ہم عمران۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

حج 2027: نظام ڈیجیٹلائزڈ، رقم آن لائن ادا کی جا سکے گی

ڈیجیٹلائزیشن کا مقصد عازمین حج کو سہولیات کی فراہمی ہے، سردار یوسف

4 لاکھ سے زائد افراد نے اپنے گھر بیٹھے رجسٹریشن مکمل کی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر حج 2027 کے پورے نظام کو اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائز کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، جس کا بنیادی مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولت، شفافیت اور آسانی فراہم کرنا ہے۔ حج 2027 کے ڈیجیٹل نظام کی افتتاحی تقریب سے خطاب اور پریس کانفرنس کرتے ہوئے سردار محمد یوسف نے کہا کہ چار لاکھ سے زائد افراد نے گھر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

لگتا ہے نواز شریف کے خلاف پھر سازش شروع ہو گئی، سینیٹر ناصر بٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر ناصر بٹ نے کہا ہے کہ یوں لگتا ہے کہ نواز شریف اور ان کی حکومت کے خلاف پھر سازش شروع ہو گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سپریم کورٹ کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو شفا اسپتال۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سے متعلق فیصلہ بہت پہلے آجانا چاہیے تھا، فضل الرحمن

احتجاج جاری رکھتے ہیں یا ختم کرتے ہیں یہ فیصلہ پی ٹی آئی کا اپنا ہے، اپوزیشن کا کام حکومت کی کمزوریوں کی نشاندہی کرنا ہے

حکومت اور اپوزیشن میں معقول دوریاں ہونی چاہئیں، ایک دوسرے کی مخالفت برائے مخالفت نہیں ہونی چاہئے، سربراہ جمعیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان معقول فاصلے ہونے چاہئیں، تاہم ایک دوسرے کی مخالفت برائے مخالفت۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

(ن) لیگ، پی پی پی معاملات تاحال طے نہ پا سکے

بیک ڈور کوششیں جاری، فی الحال قانون سازی بھی روک دی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکمران اتحاد کی دونوں بڑی جماعتوں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان معاملات تاحال طے نہ پا سکے اور قانون سازی بھی روک دی گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

سی پی پی اے کی بجلی مزید مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے ملک بھر کیلئے بجلی 2 روپے 52 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی۔ نیپرا اعلامیے کے مطابق سی پی پی اے نے درخواست جولائی کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرولیم لیوی کیخلاف جماعت اسلامی کا دھرنا تیسرے روز میں داخل

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کا پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنا تیسرے روز میں داخل ہو گیا، جبکہ دھرنے میں عوام اور کارکنان کی شرکت کو مرحلہ وار رکھنے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق دھرنا 8 روز تک جاری رکھنے کیلئے انتظامات مکمل۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر



انگلیکس کے کمشنر رحمت اللہ درانی ریٹیلر اسکیم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، عمران ترین و دیگر بھی شریک ہیں

پشین: کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد، فیکٹری مسمار

پشین (آئی این پی) پشین میں پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے انٹیلی جنس معلومات پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر کے تلف کر دی اور منشیات کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والی فیکٹری کو بھی مسمار کر دیا گیا ہے۔ تھانہ یارو کی حدود میں واقع اسٹیشن کالونی میں یہ آپریشن آئی جی پولیس بلوچستان اور آئی جی ایف سی نارتھ کی ہدایات پر ایس ایس پی پشین نوید عالم کی نگرانی میں کیا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

قلات سے میڈیسن کمپنی کے دو ملازمین اغوا کر لئے گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلات میں نامعلوم افراد نے میڈیسن کمپنی کے دو ملازمین کو اغوا کر لیا پولیس کے مطابق کوئٹہ کی میڈیسن کمپنی کے دو ملازمین شاہد اور ڈرائیور جہانزیب قلات میں دوائی سپلائی کر رہے تھے کہ نامعلوم افراد انہیں اغوا کر کے لے گئے اطلاع ملنے پر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ مسلط کرنیوالوں کو مذاکرات کی منت کرنی پڑی، عباس عراقچی

دشمن کی ایران سے غیرمشروط ہتھیار ڈلوانے کی امید پوری نہ ہو سکی، خطاب

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ دشمن کی ایران سے غیر مشروط ہتھیار ڈالوانے کی امید پوری نہ ہو سکی۔ تہران میں تقریب سے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کا فیصلہ شاندار اور تاریخی، سیاسی بے چینی ختم ہوگی، شیخ رشید

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی بارے سپریم کورٹ کے فیصلے کو شاندار اور تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے عوام میں پائی جانے والی سیاسی بے چینی کا خاتمہ ہوگا۔ اپنے ویڈیو بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ سپریم کورٹ کے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

تشدد کے ذریعے نظریات یا مسلط کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، عطاء تارڑ

نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشتگردی پر قابو پایا گیا، ملک میں امن بحال ہوا اور سرمایہ کاری کیلئے ماحول بہتر ہوا

کلبھوشن یادیو کی بلوچستان سے گرفتاری پاکستان میں بھارتی مداخلت کا عملی ثبوت ہے، وفاقی وزیر اطلاعات، خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ 2017 میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشتگردی پر قابو پایا گیا، جس کے نتیجے میں ملک میں امن بحال ہوا اور سرمایہ کاری کیلئے ماحول بہتر ہوا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستانی قوم۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ثالث ایران عمان دو طرفہ معاہدے کے منتظر ہیں، قطر

آبنائے ہرمز معاہدے سے ہی امریکہ ایران مذاکرات کی راہ ہموار ہوگی

دوحہ (م ڈ) قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ ثالث امریکا ایران مذاکرات سے پہلے ایران اور عمان دو طرفہ معاہدے کے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

میزئی اڈہ، پاپڑ چوری کا الزام، 5 سالہ بچہ تشدد سے ہلاک

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ کے علاقے میزئی اڈہ میں دکاندار نے پاپڑ چوری کرنے کے الزام میں 5 سالہ بچے کو تشدد کر کے ہلاک کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز میزئی اڈہ میں پانچ سالہ بچے، ریاض کو دکاندار نے دکان سے پاپڑ چوری کرنے کے الزام میں تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا جو زخموں کی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

قتل بالسبب کا مقدمہ، انمول پنکی پر فرد جرم عائد

ملزمہ کا صحت جرم سے انکار، استغاثہ کے گواہان عدالت میں طلب

کراچی (م ڈ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت جنوبی کراچی نے قتل بالسبب کے مقدمے میں ملزمہ انمول عرف پنکی پر فرد۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کی جانب سے قیدیوں کی سزاؤں میں 100 دن کی معافی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر قیدیوں کی سزاؤں میں 100 دن کی معافی دے دی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق معافی کا اطلاق سنگین جرائم کے قیدیوں پر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سانحہ ماگی ڈیم تحقیقاتی کمیشن کا کھلی عدالت میں کارروائی کا آغاز

ایڈووکیٹ جنرل اور پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان کو ضابطہ کار کے مطابق الگ الگ، مختصر و جامع بیانات جمع کرانے کی ہدایت

دوران کارروائی ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے حکام سے ہدایات کی غرض سے مہلت مانگی، کمیشن کی جانب سے اجازت دے دی

کوئٹہ (خ ن) ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت پر دہشت گردانہ واقعہ/حملہ اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاران کی قیمتی جانوں کی شہادتوں پر عدالتی تحقیقات کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے قائم کردہ تحقیقاتی (انکوائری) کمیشن، بشمول جسٹس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جولائی میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ 32 کروڑ 80 لاکھ ڈالر خسارے میں رہا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ مالی سال 27-2026 کے پہلے ماہ جولائی میں خسارے میں رہا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

نوٹس برائے عوام الناس

"عدالتی انکوائری برائے دہشت گردانہ حملہ، بمقام ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن ضلع زیارت اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاران کی قیمتی جانوں کی شہادتیں"

روبروئے تحقیقاتی کمیشن :۔ عزت مآب جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا صاحب

چونکہ حکومت بلوچستان کی جانب سے یہ امر ضروری اور ناگزیر سمجھا گیا ہے کہ ضلع زیارت میں ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کی المناک نقصان کے واقعہ کے سلسلے میں درج ایف آئی آر اور اس بارے میں جاری فوجداری تفتیش سے ہٹ کر ایک آزادانہ غیر جانبدارانہ اور جامع عدالتی تحقیقات بھی عمل میں لائی جائے تاکہ مذکورہ واقعہ/حملہ سے متعلق تمام حقائق و حالات واقعہ/حملہ سے قبل و دوران واقعہ/حملہ اور بعدازاں پیش آنے والے واقعات کی ترتیب، نیز واقعہ/حملہ کے وقوع پذیر ہونے کے اسباب اور عوامل کا جامع طور پر تعین کیا جا سکے اور کسی بھی انتظامی، عملیاتی سیکورٹی یا نظامی نوعیت کی خامیوں، کوتاہیوں یا نقائص نشاندہی کی جائے جو اس واقعہ/حملہ کے رونما ہونے کا سبب بنے ہوں یا جنہوں نے اس میں کسی بھی طور پر کردار ادا کیا ہو اور یہ کہ آیا کسی متعلقہ اتھارٹی، افسر یا ادارے کی جانب سے فرائض کی انجام دہی میں ناکامی، غفلت، کوتاہی، فروگزاشت یا فرائض سے انحراف کا کوئی عمل سرزد ہوا؟ اور یہ کہ متعلقہ وقت میں نافذ سیکورٹی انتظامات اور حفاظتی و انسدادی اقدامات کس حد تک مناسب مؤثر اور کارآمد تھے؟ لہٰذا اب حکومت بلوچستان نے بلوچستان ٹریبونلز آف انکوائری آرڈیننس ,1969 کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ (1) کے اختیارات کے تحت مذکورہ واقعہ/حملہ کے بارے میں ایک آزادانہ اور جامع عدالتی انکوائری/تحقیقات کیلئے عزت مآب جسٹس محمد عامر نواز رانا کو بطور (عدالت) کمیشن آف انکوائری/تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا ہے جو کہ درج ذیل قواعد و ضوابط کے تحت معاملہ کی تحقیقات کریں گے۔

(ا) ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر پولیس اہلکاروں کی تعیناتی کا باعث بننے والے حقائق و حالات کی انکوائری کرنا اور یہ تعین کرنا کہ مذکورہ تنصیب کی سیکورٹی کی ذمہ داری، ان پولیس اہلکاروں کو کس طریقہ کار کے تحت اور کن بنیادوں پر سونپی گئی؟

(ب) یہ تعین کرنا کہ آیا سابقہ لیویز اہلکار جو محدود استطاعت ہتھیاروں کے استعمال، انسداد شورش (Counter- Insurgency) یا دہشت گردانہ حملوں سے نمٹنے کیلئے مناسب طور پر تربیت یافتہ تھے یا نہیں؟ اور ان کو ایسے حساس پرخطر آپریشن کیلئے محدود اسلحہ کے ساتھ تعینات کیوں کیا گیا تھا؟

(پ) اس امر کی تحقیقات کرنا کہ آیا ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر تعینات اہلکاروں کو خاطر خواہ اسلحہ، گولہ بارود اور اضافی کمک/نفری فراہم کی گئی تھی یا نہیں؟ اور اگر ایسا پایا جائے تو اس کوتاہی کے ذمہ داران کا تعین کرنا۔

(ت) یہ معلوم کرنا کہ آیا تعینات اہلکاروں کو اسلحہ، گولہ بارود اور اضافی نفری سمیت مطلوبہ رسدی معاونت مناسب مقدار میں اور بروقت فراہم کی گئی تھی یا نہیں اور اگر ایسا نہ پایا گیا ہو تو اس کی یا کوتاہی کے جواز کی معقولیت اور اس کے ذمہ داران کا تعین کرنا۔

(ٹ) ذمہ دار ضلعی انتظامیہ اور دیگر سیکورٹی اداروں/محکموں کے خلاف قانونی کارروائی کی سفارش کرنا اور اس امر کو یقینی بنانا کہ اگر کوئی شخص قصوروار پایا جائے تو حکومت متعلقہ ذمہ داران کے خلاف تحقیقاتی کمیشن کی سفارشات پر عملدرآمد کرے۔

(ث) تحقیقاتی کمیشن کو ضابطہ فوجداری اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت تحقیقات کرنے کے مکمل اختیارات حاصل ہوں گے جیسا کہ عینی شاہدین کے بیانات قلم بند کرنا، جائے وقوعہ کا معائنہ فرضی حد بندی (جیو فینسنگ)، ملائی گئی ٹیلی فون/موبائلز کالز کا تفصیلی ریکارڈ (CDRs) حاصل کرنا وغیرہ۔

(ج) تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کمیشن کی صوابدید کے مطابق انجام دی جائیگی اور کمیشن ایسے عام افراد کو جو واقعہ/حملہ کے حقائق سے واقف ہوں اپنے سامنے پیش ہو کر شہادت/بیان قلم بند کرانے کیلئے طلب یا مدعو کر سکے گا۔

(چ) محکمہ پولیس ضلعی انتظامیہ اور تمام دیگر سیکورٹی ادارے، تحقیقاتی کمیشن کے اختیار/نگرانی میں کام کریں گے اور واقعہ سے متعلق تمام حقائق ریکارڈ، دستاویزات اور اعداد و شمار تحقیقاتی کمیشن کو فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔

(ح) تحقیقاتی کمیشن کو یہ اختیار اور ضروری سہولیات حاصل ہوں گی کہ وہ انٹرنیٹ، کمپیوٹر نیٹ ورکس اور الیکٹرانک ذرائع ابلاغ، رسدی ترسیل اور زنجیر کی منصوبہ بندی اور دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں سے متعلق ضروری جانچ پڑتال کیلئے (فرانزک) سائنسی تجربہ گاہ (فرانزک سائنس لیبارٹری) کی خدمات حاصل کر سکے۔

(خ) مستقبل میں ایسے واقعات کے دوبارہ رونما ہونے کی روک تھام کیلئے اہم اور حساس تنصیبات کے تحفظ ہنگامی ردعمل کے طریقہ کار، سیکورٹی آلات اور دیگر متعلقہ اقدامات کو مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے اگر ضروری ہو مناسب سفارشات پیش کرنا۔

(د) شہداء کے لواحقین کو یہ مکمل موقع فراہم کیا جائیگا کہ وہ متعلقہ حقائق کے بارے میں تحقیقاتی کمیشن کے روبرو پیش ہو کر اپنا موقف بیان کریں اور شہادت/بیان قلم بند کرائیں۔

(ذ) واقعہ پیش آنے سے قبل حفاظتی منصوبہ (سیکورٹی پلان) اور سیکورٹی اہلکاروں کی تعیناتی کے ریکارڈ کو طلب کر کے اس کا جائزہ لینا اور یہ تعین کرنا کہ آیا دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے، قریبی علاقے میں تعینات ہونے کے باوجود شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو مناسب حفاظتی حصار یا معاونت فراہم کرنے سے قاصر رہے؟

لہٰذا، تمام متعلقہ افراد جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر اس معاملے سے وابستہ ہوں، بشمول شہید پولیس/لیویز اہلکاران اور دیگر متوفی افراد کے قانونی ورثاء اور لواحقین، نیز عام شہریوں میں سے وہ تمام اشخاص جو ضلع زیارت میں ماگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کا المناک نقصان ہوا، کے بارے میں کوئی معلومات رکھتے ہوں یا واقعہ سے متعلق کسی بھی نوعیت کی معلومات سے واقف ہوں، بشمول قانون نافذ کرنے والے اداروں کے متعلقہ اہلکاران و افسران، یا وہ افراد جنہیں کسی بھی نوعیت کی معلومات سے واقف ہوں بشمول قانون نافذ کرنے والے اداروں کے متعلقہ اہلکاران و افسران یا وہ افراد جنہیں کسی بھی نوعیت کی ذمہ داری سونپی گئی تھی یا جو کسی بھی حیثیت سے اس معاملے سے متعلق ہوں، اور اسی طرح ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے وہ افسران جو تحقیقاتی کمیشن کے روبرو کوئی معلومات فراہم کرنا، کوئی ٹھوس مواد یا ثبوت پیش کرنا، یا واقعہ/حملہ سے متعلق اپنا بیان/شہادت قلم بند کرانا چاہتے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مورخہ 28 اگست 2026 تک دفتری اوقات کار کے دوران تحقیقاتی کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری مسٹر ملک شعیب سلطان، (ایڈیشنل رجسٹرار، عدالت عالیہ بلوچستان) کے دفتر واقع احاطہ عدالت عالیہ بلوچستان، ہالی روڈ کوئٹہ میں حاضر ہو کر اپنے نام و مکمل کوائف، موجودہ اور مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ جمع کرائیں تاکہ پیش کردہ معلومات اور دستاویزات معزز تحقیقاتی کمیشن کے سامنے پیش کی جا سکیں۔

معزز تحقیقاتی کمیشن کی مزید کارروائی کی تاریخ، وقت اور مقام سے متعلق بعدازاں مطلع کیا جائیگا۔

" بحکم معزز تحقیقاتی کمیشن "

(ملک شعیب سلطان)
رجسٹرار/سیکرٹری تحقیقاتی کمیشن
عمارت عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

PRQ No882/18-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام فیملی پلاننگ کی اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے اور کموڈیٹی ضرورت ٹول (سی آر ٹی) ٹریننگ ورکشاپ سے ڈی جی غلام مصطفی، سائرہ عطاء، خان محمد اور ناصر خان خطاب کررہے ہیں

اسماء امان اللہ کا اغوا اور تشدد کا نشانہ بننے پر مدد کیلئے دہائی

متاثرہ طالبہ کی ملزمان کے مزید شر سے تحفظ اور انصاف فراہمی کی اپیل

لوٹے گئے زیورات، نقدی اور تعلیمی اسناد واپس دلانے کا بھی مطالبہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ کی رہائشی اسماء امان اللہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر سے مطالبہ کیا ہے کہ ان پر اور ان کے اہل خانہ پر تشدد کرکے انہیں اغوا کرنے میں ملوث ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے کیونکہ انہیں اپنی جان کا خطرہ ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو اپنی والدہ کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک طالبہ ہیں اور 13 اگست کی رات ساڑھے گیارہ بجے خدا بخش، ان کی خالہ کے بیٹے سراج اور ان کے ماموں کے بیٹے عبدالصمد کے نواسے نے اسلحے کے زور پر ان کے گھر میں داخل ہوکر ان کی والدہ، انہیں اور ان کی بہن کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ملزمان گھر سے 65 ہزار روپے، طلائی زیورات اور ضروری کاغذات، جن میں ان کے بہن بھائیوں کی تعلیمی اسناد بھی شامل تھیں، ساتھ لے گئے اور انہیں زبردستی اغوا کرکے ریلوے کالونی میں واقع ایک گھر منتقل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وہاں ان پر تشدد کیا گیا اور ان کے سابق منگیتر کے ساتھ زبردستی نکاح کرانے کی کوشش کی گئی، تاہم نکاح خواں نے ان کی رضامندی کے بغیر نکاح پڑھانے سے انکار کردیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعد میں ان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر انہیں کولپور کی جانب لے جایا گیا اور راستے میں دھمکیاں دی گئیں۔ ان کے مطابق ایف سی کی ناکہ بندی کے دوران انہوں نے شور مچایا جس پر اہلکاروں نے انہیں ملزمان کے چنگل سے بچالیا۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان اس وقت بیگی تھانے میں بند ہیں اور ان کے قبضے میں موجود زیورات، نقدی اور کاغذات واپس دلائے جائیں۔ جبکہ انہیں اور ان کے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کرکے ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ کی انتظامی صلاحیتیں لائق تحسین ہیں

ہسپتال کی ایمرجنسی، او پی ڈی اور دیگر شعبوں کی کارکردگی بہتر ہوئی ہے

بہترین خدمات کے اعتراف میں خصوصی ایوارڈ دیا جائے، حیات کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے ایک پریس ریلیز میں ایس پی ایچ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی بہترین انتظامی کارکردگی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے جب سے ایس پی ایچ کا چارج سنبھالا ہے، ہسپتال کی ایمرجنسی، او پی ڈی، لیبارٹری اور دیگر شعبہ جات چوبیس گھنٹے فعال ہیں، جبکہ مریضوں کو بھی بہترطبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ان کی بہترین انتظامی صلاحیتوں اور دن رات کی محنت سے ہسپتال کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی بہترین کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے انہیں خصوصی ایوارڈ سے نوازا جائے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو اور وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرتے رہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت میں ایمانداری، محنت اور عوامی خدمت کے جذبے سے کام کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

کوئٹہ، گلستان بازار کے رہائشی اختر محمد علاج میں مدد کیلئے اپیل کررہے ہیں

کوئٹہ میں طویل لوڈشیڈنگ پر پشتونخوا میپ کا شدید ردعمل

شدید گرمی میں طویل بجلی بندش سے شہریوں کو سنگین مشکلات کا سامنا ہے

کیسکو سے کوئٹہ کے تمام متاثرہ علاقوں میں فوری بجلی بحال کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ شدید گرمی میں گھنٹوں بجلی کی بندش سے بچے، بزرگ، مریض، طلبہ اور کاروباری طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ بجلی کی آنکھ مچولی نے معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کردیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث پینے کے صاف پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہوچکی ہے، جبکہ واسا اور پی ایچ ای کے ٹیوب ویلز بجلی کی بندش اور کم وولٹیج کے باعث غیر فعال ہوگئے ہیں، جس سے پانی کا بحران مزید شدت اختیار کرگیا ہے۔ بیان کے مطابق کوئٹہ کے چلاغ، ہنہ اوڑک، نواں کلی، کلی ناصران، سمرہ خوڑگئی، ترین شار، زرغون آباد، کوتوال، کلی عمر خان، چشمہ، عالمو، کلی برات، کلی شابو، دیبہ، ہدہ، ترخہ، پشتون باغ، ثروت آباد، سیٹل روڈ، سریل، سپنی روڈ، سمنگلی، نوحصار، خروٹ، بلیلی، سریاب، موسیٰ کالونی، کلی ہزار گنجی، جتوئی، بائی پاس، بھوسہ منڈی، سیٹلائٹ ٹاؤن، محمود آباد، پشتون آباد، شالدرہ، سرکی روڈ، جان محمد روڈ اور نیو جان محمد روڈ فیڈرز سے منسلک علاقوں میں سخت ترین لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ کیسکو کی غفلت، ناقص انتظامی کارکردگی اور نااہلی اب مزید قابل برداشت نہیں۔ عوام باقاعدگی سے بجلی کے بھاری بل ادا کرتے ہیں، اس کے باوجود انہیں بنیادی سہولت سے محروم رکھنا انتہائی افسوسناک اور عوام دشمن رویہ ہے۔ کئی علاقوں میں بغیر کسی واضح شیڈول کے بجلی بند کردی جاتی ہے، جبکہ معمولی خرابیوں کی بروقت مرمت نہ ہونے کے باعث عوام کو طویل مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

رہنماؤں کا زرک مندوخیل کو کامیاب ریلی پر مبارکباد

ریلی میں عوام کی بڑی شرکت نمائندے پر بھرپور اعتماد کا اظہار ہے

کامیاب ریلی قومی جذبے، عوامی یکجہتی اور وطن سے محبت کی مثال تھی

کوئٹہ (پ ر) سیاسی وسماجی رہنما وحید گرگناڑی صلاح الدین کبزئی نے 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر ایم پی اے زرک مندوخیل کی جانب سے منعقدہ کی گئی شاندار اور کامیاب ریلی پر انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلی میں عوام کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اپنے نمائندے کے ساتھ بھرپور محبت اور اعتماد رکھتے ہیں۔ ریلی کا کامیاب انعقاد قومی جذبے، عوامی یکجہتی اور وطن سے محبت کی بہترین مثال ہے۔ انہوں نے زرک مندوخیل کو کامیاب ریلی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور عوام کی خدمت کرنے کی توفیق دے۔

ملک یاسین کاکڑ کا امن وامان کی ابتر صورتحال پر اظہار تشویش

صوبائی حکومت سے سیکیورٹی صورتحال پر واضح اور مؤثر پالیسی اپنانے کا مطالبہ

عوام مزید غیر یقینی، انتظامی خاموشی اور سیکیورٹی خدشات کے متحمل نہیں ہوسکتے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سیاسی وسماجی رہنما ملک یاسین خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال مسلسل تشویشناک ہوتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نازک حالات میں محکمہ داخلہ صوبے کے امن وامان کے لیے بنیادی ذمہ داری رکھتا ہے، تاہم عوام یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ ہوم سیکرٹری گزشتہ کئی ہفتوں سے عملی طور پر کہاں نظر آرہے ہیں اور صوبے کی سیکیورٹی صورتحال پر ان کی براہ راست نگرانی کہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر واقعی ہوم سیکرٹری کئی ہفتوں سے اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے دستیاب نہیں تو حکومت کو فوری طور پر عوام کو اس کی وجہ اور صورتحال سے آگاہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صرف اجلاس، پریس کانفرنسیں اور بیانات کافی نہیں بلکہ عوام کو محفوظ راستے، محفوظ بازار، محفوظ کاروبار اور اپنی جان و مال کا تحفظ چاہیے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور محکمہ داخلہ سے مطالبہ کیا کہ امن و امان کی موجودہ صورتحال پر واضح، عملی اور جوابدہ پالیسی سامنے لائی جائے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر پندرہ سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عنایت اللہ کے والد کا پندرہ سال سے بلاک شناختی کارڈ دو ماہ میں بحال کردیا گیا۔ درخواست گزار نے بتایا کہ ان کے والد سردار محمد کا شناختی کارڈ نادرا کی جانب سے بغیر کسی وجہ کے گزشتہ پندرہ سال سے بلاک تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹ چکے تھے اور مختلف کمیٹیوں کے سامنے بھی پیش ہوئے، تاہم انہیں کوئی ریلیف نہیں ملا۔ بعدازاں انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کرتے ہوئے متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست جمع کرائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے دفتر نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کرسکا، جس پر وفاقی محتسب نے درخواست گزار کے والد کا بلاک شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کرنے کے احکامات جاری کیے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے شناختی کارڈ بحال کردیا، جس پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

کوئٹہ: خراب اسٹریٹ لائٹس سے مشکلات میں اضافہ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اسٹریٹ لائٹس کی بندش اور خرابی نے شہر کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے، رات کے وقت اہم شاہراہوں، بازاروں، گلیوں اور رہائشی علاقوں میں روشنی نہ ہونے کے باعث نہ صرف ٹریفک حادثات میں اضافہ ہوا ہے بلکہ چوری، راہزنی اور دیگر جرائم میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ کوئٹہ شہر و دیگر مرکزی و مضافاتی علاقوں میں اسٹریٹ لائٹس یا تو مکمل بند ہیں یا خراب حالت میں ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار شکایات درج کروائی گئیں، لیکن اب تک کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ایک شہری نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ رات کے وقت راستے دیکھنا بھی مشکل ہوتا ہے، خاص طور پر خواتین اور بزرگ شہریوں کے لیے یہ صورتحال خطرناک ہے۔

اقلیتوں کے نمائندے الیکشن سے منتخب ہوں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سوترا نے کہا ہے کہ کرسچن کمیونٹی نے پاکستان بنانے میں اہم کردار ادا کرنے کے بعد اعلیٰ عدلیہ، دفاع، تعلیم اور میڈیکل کے شعبوں میں ناقابل فراموش خدمات انجام دی ہیں، پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں برابر کی شہری ہیں، ان کے حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے، ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور انصاف کے قیام کے لیے اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے، پاکستان میں اقلیتوں کے مذہبی مقامات اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے جبکہ اقلیتوں کی قومی وصوبائی اسمبلیوں میں نمائندگی سلیکشن کے بجائے الیکشن کے ذریعے کی جائے۔

جملہ سہولیات کی فراہمی حکومتی ذمہ داری ہے، شکر اللہ ابا بکی

تعلیمی منصوبوں میں زمین کیلئے فنڈز مختص کرنے کا مطالبہ منظور کیا جائے

علاقے میں گرلز سکول، ڈیجیٹل لائبریری اور اسپورٹس کمپلیکس قائم کیا جائے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی کونسلر اور قبائلی رہنما لکری حاجی شکر اللہ ابا بکی نے کہا ہے کہ سکولوں کی عمارتوں کے لیے بجٹ تو مختص کیا جاتا ہے، لیکن سکولوں کی زمین کے لیے مقامی آبادی کو ذمہ دار ٹھہرانا سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی اور معاشی مشکلات کے باعث لوگ اپنے بچوں کی پرورش اور ان کے اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کا سامنا کررہے ہیں، اس لیے سکولوں کے لیے زمین کی خریداری کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا جانا چاہیے۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ سکولوں کی عمارتوں کے ساتھ زمین کے حصول کے لیے بھی فنڈز فراہم کیے جائیں تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ کلی ہنکنگزئی، کلی مصطفی آباد اور تاجک آباد سمیت کئی علاقے ایک دوسرے سے متصل ہیں، لیکن وہاں ایک بھی گرلز سکول یا ڈیجیٹل لائبریری موجود نہیں ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں گرلز سکول، ڈیجیٹل لائبریری اور اسپورٹس کمپلیکس قائم کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔

نجات کا واحد راستہ اسلامی نظام ہے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری، سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان نے کہا ہے کہ پاکستان جغرافیے، نسل یا زبان کی بنیاد پر نہیں بلکہ کلمہ توحید کے مشترکہ رشتے کی بنیاد پر آزاد اور خودمختار ریاست قائم کرتا تھا، ملک کو حقیقی معنوں میں ایک فلاحی اسلامی ریاست بنانے کے لیے اسلامی نظام کی حاکمیت ناگزیر ہو چکی ہے۔ ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے پوری قوم بیزار ہو چکی ہے، اس مفلوج نظام کے باعث ملک و قوم آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کا سامنا کررہی ہے۔ جب تک آئین پاکستان میں موجود اسلامی دفعات اور قراردادِ مقاصد کی روشنی میں عدالتی، معاشی اور انتظامی اصلاحات نافذ نہیں کی جاتیں، ملک میں مضبوط نظام نہیں آئے گا۔

میلاد کے تقریبات کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد بنگش نے استقبال جشن میلاد ریلیوں اور محافل کے انعقاد کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کا جشن ولادت بڑی مذہبی عقیدت و احترام اور جوش وجذبے سے منایا جائے گا

سیرت نبوی ﷺ عملی زندگی کا مکمل ضابطہ حیات ہے

جامعہ ابدالیہ میں پیغام سیرت النبی و پیغام پاکستان کانفرنس کا انعقاد

مقررین کا تعلیمات نبوی ﷺ عائلی زندگی کا عملی حصہ بنانے پر زور

کوئٹہ (پ ر) جامعہ ابدالیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام پیغام سیرت النبی و پیغام پاکستان کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں جامعہ کے اساتذہ کرام، علماء و مشائخ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی دینی و مذہبی شخصیات اور اہل علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ کانفرنس میں سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں، تعلیمات نبوی کی عصر حاضر میں اہمیت اور پیغام پاکستان کے مثبت وتعمیری پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ دور میں سیرت رسول اکرم کو صرف تقریروں اور محافل تک محدود رکھنے کے بجائے اسے اپنی انفرادی، معاشرتی اور قومی زندگی کا عملی حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا حافظ سید سمیع اللہ آغا نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفی کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات اور بہترین عملی نمونہ ہے۔ آپ نے ایسا معاشرہ تشکیل دیا جس کی بنیاد ایمان کے ساتھ ساتھ عدل، رحمت، اخوت، مساوات، امانت، دیانت، حسن اخلاق، باہمی احترام اور حقوق العباد کی ادائیگی پر قائم تھی۔ انہوں نے کہا کہ قرآن کریم نے رسول اللہ کو اسوہ حسنہ قرار دیا ہے، اس لیے ایک مسلمان کے لیے سیرت نبوی سے تعلق صرف محبت اور عقیدت تک محدود نہیں بلکہ آپ کے اخلاق، معاملات، معاشرت اور اجتماعی زندگی کے اصولوں کو اختیار کرنا بھی ضروری ہے۔ مولانا حافظ سید سمیع اللہ آغا نے کہا کہ رسول اکرم نے انسان کی عزت وتکریم کو بنیادی اہمیت دی۔ آپ نے کمزوروں، یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، پڑوسیوں اور معاشرے کے محروم طبقات کے حقوق کی خصوصی تاکید فرمائی۔

تحفظ مدارس کانفرنس اور دستار فضیلت جلسہ 20 اگست کو ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی زیر صدارت دارالعلوم جامعہ نعمانیہ جوائنٹ روڈ کوئٹہ کا سالانہ دستار فضیلت جلسہ اور تحفظ مدارس کانفرنس 20 اگست بروز جمعرات کو منعقد ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ کانفرنس جامعہ نعمانیہ جوائنٹ روڈ، نزد سینٹرل ہائی اسکول کوئٹہ میں سہ پہر 3 بجے منعقد ہوگی، جس میں جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی و صوبائی قائدین، ممتاز علما کرام اور مشائخ خطاب کریں گے۔ حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی کے مطابق کانفرنس کے موقع پر جامعہ نعمانیہ سے فارغ التحصیل طلبہ کی دستار بندی بھی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ مدارس کانفرنس میں دینی مدارس کی اہمیت، دینی تعلیم کے فروغ اور مدارس کے تحفظ سمیت مختلف امور پر علما کرام اور جماعتی قائدین اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

بلوچستان اے جی آفس میں رشوت خوری کا الزام

کوئٹہ (پ ر) الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز کوئٹہ یونٹ کے صدر عزیز احمد بلوچ، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم مینگل، جنرل سیکرٹری ملک الیاس شاہوانی، چیئرمین میر عبدالعلی کھیازئی، فنانس سیکرٹری ملک محمد حسن محمد حسنی، پریس سیکرٹری خلیل اللہ کھیازئی و دیگر نے کہا ہے کہ اے جی بلوچستان کے جی پی فنڈ برانچ کا بعض عملہ مبینہ طور پر بغیر رقم کے کام نہیں کرتا اور جائز کام کو بھی بلاوجہ لٹکا کر رکھ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک دن کا کام مہینوں تک لٹکایا جاتا ہے، کبھی جی پی فنڈ سلپ غلط ہونے اور کبھی کسی اور اعتراض کا بہانہ بنایا جاتا ہے، تاہم رقم کا لین دین ہونے کے بعد بل فوری طور پر پاس کردیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب ملازمین اپنے جائز حق کے حصول کے لیے ادھار لے کر بھی رقم دینے پر مجبور ہوجاتے ہیں جبکہ بعض بروکرز عملے کے ساتھ مل کر کام کررہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اے جی آفس میں بروکروں کا داخلہ فوری طور پر بند کیا جائے اور غریب ملازمین کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے والے جی پی فنڈ برانچ کے عملے کے خلاف کارروائی کرکے انہیں دیگر برانچوں میں منتقل کیا جائے۔

کوئٹہ، جامعہ ابدالیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام پیغام سیرت النبی و پیغام پاکستان کانفرنس سے مولانا حافظ سید سمیع اللہ آغا خطاب کررہے ہیں

نوجوانوں کو باصلاحیت اور خودمختار بنانا ہماری ترجیح ہے، الیاس بلوچ

محکمہ یوتھ افیئرز نوجوانوں کی فنی، تعلیمی اور قائدانہ صلاحیتیں نکھار رہا ہے

جدید علوم اور ڈیجیٹل مہارتوں سے نوجوانوں کو آراستہ کرنا ناگزیر قرار

کوئٹہ (یو این اے) ڈائریکٹر یوتھ افیئرز بلوچستان الیاس بلوچ نے کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہوتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنا حکومت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ یوتھ افیئرز بلوچستان نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیمی ترقی اور فنی مہارتوں کے فروغ کے لیے مختلف پروگراموں پر عمل پیرا ہے، جن کا مقصد نوجوانوں کو بااعتماد، باصلاحیت اور خودمختار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں

سریاب میں سہولیات کا فقدان تشویشناک ہے، JUI

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما صوبائی مجلس عمومی کے رکن اور ترجمان جمعیت علماء اسلام سریاب یوسف وقار شاہوانی نے کہا ہے کہ سریاب کے ساتھ مسلسل امتیازی سلوک اور عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھنے کا سلسلہ ناقابل برداشت ہوچکا ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے سے سریاب کی عوام شدید مشکلات کا شکار ہے، کہیں گیس دستیاب نہیں، کہیں بجلی کی طویل بندش نے معمولات زندگی مفلوج کررکھے ہیں

PAKISTAN CIVIL AVIATION AUTHORITY (PCAA)

CAA — پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی

OPPORTUNITY TO BECOME A PART OF PCAA'S PROFESSIONAL TEAM
SITUATION VACANT NOTICE NO. 04/2026

Pakistan Civil Aviation Authority requires the services of a qualified individual to fill the following vacant post where selection will be made purely on suitability and merit:-

Post	No. of Positions	Prescribed Qualification & Experience	Quota & Pay Scale	Age Limit
Flight Operations Inspector (Aeroplane) (EG-08)	Three (03)	• Minimum Intermediate or equivalent from a recognized Education Board. • Hold or have held an ATPL with a type rating on a Commercial Transport Aircraft with MGTOW of 40,000 kg or more. • Not less than 5000 hours as Pilot-in-Command of Commercial Air Transport Aircraft with MGTOW of 40,000 kg or more. • Must have a Synthetic Flight Examiner (SFE) or Type Rating Examiner (TRE) endorsement on an Airline Transport Pilot License (ATPL) for commercial aircraft with a Maximum Takeoff Weight (MGTOW) of 40,000 kg or more. • 10 years or more of experience in Commercial Air Transport Aircraft as a Pilot. • Experience in operational management is a plus, preferably with a background in airline operations, safety management, or regulatory oversight. • Strong analytical and decision-making abilities. • Effective communication and report-writing skills. • Computer literacy is a must.	• Merit–03 • Pay: Rs.1,373,230/- per month with 5% annual increment • Contract for three (03) years (extendable)	• Maximum 66 years (including all age relaxations)

Application Procedure:

(a) **Interested candidates are required to fill & submit Online Job Application Form available at www.pcaa.gov.pk within fifteen days from the date of this advertisement.**

(b) **Candidates will be required to upload scanned copies of certificate / degree of the required qualification only of the concerned post as mentioned above, updated CV and CNIC while applying for the job.**

(c) **Candidates will be required to upload a copy of ATPL, containing relevant endorsements, and a copy of last page of Log Book containing details of flying hours.**

(d) **In case a candidate does not upload the above documents with the online application form, his/her application will be rejected.**

Terms of Reference

i) Candidates not fulfilling the above requirements or submitting an incomplete application shall not be considered.
ii) Tests / Interviews will be conducted at Karachi, Lahore, Islamabad, Peshawar and Quetta for which separate notices will be issued (depending on the number of candidates).
iii) The candidates to be called for the interview have to produce original documents for necessary verification while appearing for the interview.
iv) No TA / DA is admissible for test / interview.
v) Appointment will be subject to CAA's medical fitness standards.
vi) Selected candidates will be required to serve anywhere in Pakistan as per the requirement of PCAA.
vii) Government servants / employees of autonomous bodies / corporations will be required to submit an NOC from their current employer before interview.
viii) Applications received after the due date will not be considered / entertained.
ix) Misinformation and any attempt to influence the selection process will be considered as a definite disqualification for current as well as future recruitment in CAA, even if the candidate is otherwise qualified.
x) In case, any educational documents or any other document provided by the applicants are found incorrect / fake / bogus at any stage, the services of the selected candidate will be terminated immediately.
xi) PCAA encourages equal employment opportunity for women and people belonging to minorities.
xii) PCAA reserves the right to cancel the partial or whole recruitment process at any stage.

ADDITIONAL DIRECTOR HUMAN RESOURCE
HEADQUARTERS PAKISTAN CIVIL AVIATION AUTHORITY,
B-6, KDA SCHEME-1 KARSAZ, KARACHI. Tel: 021-34521367 (Ext:3118)

PID K.534/26

اطلاع عام

دو دہائیوں قبل پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان طے پانے والے "نیک مشترکہ دفاعی معاہدے" کے مختلف پہلوؤں پر عالمی میڈیا میں تبادلہ خیال کیا جاتا رہا ہے۔ جہاں ایک سلسلہ بنا رہے کہ مصر بھی یہ دعوت دے کر رہے ہیں کہ اس معاہدے کے نتیجے میں سعودی سرمایہ ترکی کے دفاعی صنعت کو ترقی دے گا جس میں اسرائیل کے ساتھ تعاون میں اضافہ ہوگا۔ تاہم اس میں قائم میڈیا اور نہ مذاکرات آئی، نہ سعودی ذرائع کے حوالے سے رہی کیا ہے کہ داخل سعودی عرب کے مصر میں شمولیت کے فلاف تھا۔ دل ایسے آئی، جس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اس کے قطر سے تعلقات کی وجہ سے سعودی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا گیا "سعودی عرب نہیں چاہتا تھا کہ مصر اس معاہدے میں شامل ہو، حالانکہ ترکی اس معاہدے میں شامل ہو، حالانکہ ترکی اس معاہدے میں قاہرہ کی شمولیت کے حق میں تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ سعودی عرب اس شامل ایک وجہ، جنہیں سعودی فرمانروا کا ایک سابق بیٹا شہزادہ بتایا گیا ہے، نے بتایا کہ سعودی عرب کو اس خدشے کا سامنا ہے کہ پاکستان، مصر کی شمولیت کا خواہاں نہیں تھا۔ وہ رسے کہ اس دفاعی معاہدے میں مصر کی موجود شمولیت کی کئی سوالات کو جنم دیا تھا۔ دوسری جانب ترک مصر میں نہ تک معاہدے کے ترکی کے دفاعی تعلقات پر گہرے اثرات ہونے کا خدشہ ہے کہ سعودی عرب "کان (Kaan) لڑاکا طیارہ سمیت ملک کے بڑے دفاعی منصوبوں کی پیشکش کر رہا ہے، اس میں مواخذت فراہم کرنے کا ہے۔ ترک تجزیہ کاروں سے تعلق رکھنے والے پاکستان کی جوہری صلاحیت، سعودی عرب کی مالی طاقت اور ترکی کی تیزی سے ترقی کرتی دفاعی طاقت اور ترکی کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ترکی کے ساتھ پاکستی کی بار بار خارجہ تازری دوری کے "فکر کو دوٹیب ساخت پر کلچہ کہ ترکی ایٹمی دفاعی پیدا اور کی صلاحیت بڑھانے، اسے ایٹمی اور جاری مضمون کے لیے مالی وسائل حاصل کرنے اور پھر مصر پر کراہ کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے ہے۔ ترکی کے ساتھ پاکستان کے تعلقات کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر تجزیہ کیا جائے۔ وزیراعظم کے مطابق وفاقی وزارتوں کی ای آفس نظام کی جانب منتقلی اب تک کی سب سے اہم اصلاحات میں سے ایک ہے۔ وزیراعظم کو یہ پالیسی نہ صرف خوش آئند بلکہ انہیں وقت کی ایک اہم ترین ضرورت بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔ دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہو چکی ہے جہاں ترقی کا انحصار سرکاری فائلوں کی تعمیر پر نہیں بلکہ شفاف سسٹم، فوری رسائی، ڈیجیٹل نظام اور جدید طرز حکمرانی پر ہے۔ لہٰذا ہمیں ماضی کی روایتی سرکاری رسائی، زمینوں، جائیدادوں، مالیاتی نظام اور عوامی خدمات کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر منتقل کیا، انہوں نے نہ صرف شفافیت کو فروغ دیا بلکہ بدعنوانی، ریکارڈ میں ردوبدل اور سرکاری وسائل کے ضیاع پر بھی موثر طریقے سے قابو پایا جو قسمتی سے ہمارے ہاں سرکاری ریکارڈ کے حوالے سے سوچ کا حصہ نہیں۔ بیشتر سرکاری دفاتر آج بھی روایتی فائلوں، رجسٹروں اور کاغذی دستاویزات پر انحصار کرتے ہیں۔ یہی اداروں میں ریکارڈ کی ضائع ہونا، دستاویزات میں ردوبدل اور برسوں تک کسی معاملے کا زیر التوا رہنا ایک معمول بن چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سرکاری زمینوں پر قبضے، جعلی انتقالات، ریکارڈ میں جعل سازی اور سرکاری املاک کی غیر قانونی منتقلی جیسے مسائل وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہتے ہیں۔ سرکاری املاک کی ڈیجیٹائزیشن سے مراد صرف کمپیوٹر میں معلومات محفوظ کرنا نہیں بلکہ ایسا جامع، مربوط اور قابل رسائی نظام تشکیل دینا ہے جس کے ذریعے حکومت کے پاس موجود ہر زمین، جائیداد، دفتر و پلاٹ، مالیاتی کاغذ، سرکاری ادارے اور دیگر اثاثوں کا مکمل ریکارڈ ایک ہی پلیٹ فارم پر دستیاب ہو۔ اس ریکارڈ میں جائیداد کی ملکیت، حجل وقوع، رقبے، استعمال، قانونی حیثیت اور دیگر تمام ضروری معلومات شامل ہونی چاہئیں تاکہ کسی بھی وقت ان تک رسائی حاصل کی جا سکے۔ اگر سرکاری املاک کا مکمل ڈیٹا ڈیجیٹل شکل میں محفوظ ہو جائے تو اس کے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ سرکاری اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے میں آسانی پیدا ہوگی۔ مختلف محکموں کو کسی زمین یا جائیداد کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے مہینوں انتظار نہیں کرنا پڑے گا بلکہ محض چند لمحوں میں مطلوبہ معلومات حاصل کی جا سکیں گی۔ اس کے علاوہ کسی بھی سرکاری جائیداد پر غیر قانونی قبضے یا ریکارڈ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر اصل صورتحال کا تعین کیا جا سکے گا۔ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ ہم نے اب جا کر ڈیجیٹل اصلاحات کا عمل اگرچہ شروع کیا ہے لیکن اس کی رفتار اب بھی اطمینان بخش نہیں۔ سرکاری املاک کے ریکارڈ کو مکمل طور پر ڈیجیٹائز کرنے کے لئے اعلیٰ سطح پر باقاعدہ کام کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی حکومت نے اگر اس حوالے سے واضح سمت کا تعین کر لیا ہے تو اب اس پالیسی کو عملی جامہ پہنانا سب سے اہم مرحلہ ہے۔ یہاں ایک بنیادی سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ کیا صرف وفاقی حکومت کی سطح پر اصلاحات کافی ہوں گی؟ یقیناً اس کا جواب نفی میں ہے۔ جب تک صوبائی حکومتیں اس عمل میں مکمل طور پر شریک نہیں ہوں گی، اس وقت تک مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کئے جا سکیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ صوبوں کو وفاق کی تقلید کرتے ہوئے اپنے اپنے دائرہ اختیار میں موجود سرکاری املاک کا مکمل ریکارڈ ڈیجیٹل نظام میں منتقل کرنا چاہئے۔ بلوچستان کے تناظر میں یہ معاملہ مزید اہمیت اختیار کر جاتا ہے بلوچستان میں کسی سرکاری اداروں کے پاس اپنے اثاثوں کا مکمل اور مستند ریکارڈ موجود نہیں۔ متعدد محکموں میں آج بھی پرانے رجسٹروں اور دستی اندراجات پر انحصار کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات ایک ہی زمین کے حوالے سے مختلف سرکاری دفاتر میں مختلف معلومات موجود ہوتی ہیں، جس کی وجہ سے قانونی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ بلوچستان حکومت کو چاہئے کہ دوسرے صوبوں کی ڈیجیٹل رجسٹریشن کے لئے جامع پالیسی متعارف کرے۔ اس مقصد کے لئے جدید ٹیکنالوجی، جغرافیائی معلومات کے جدید نظام (جی آئی ایس)، سیٹلائٹ میپنگ اور ان لائن ڈیٹا بیس سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ بلدیاتی اداروں کی مثال اس حوالے سے خصوصی توجہ کی متقاضی ہے۔ بلدیہ کوئٹہ کو ہمیشہ کم از کم اسے اہم ترین علاقوں میں قیمتی جائیدادیں موجود ہیں، لیکن یہ بات اکثر زیر بحث رہتی ہے کہ ان میں سے متعدد جائیدادوں کا مکمل ریکارڈ دستیاب نہیں یا مختلف محکموں میں منتشر ہوا ہے۔ اگر واقعی ایسی صورتحال موجود ہے تو یہ اپنا ہی افسوسناک اور تشویش ناک امر ہے۔ ایک ایسا ادارہ جو شہریوں کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے، اگر وہ اپنی املاک کا مکمل ریکارڈ محفوظ نہ رکھ سکے تو پھر شفافیت اور بہتر انتظام کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے؟ کوئٹہ جیسے تیزی سے پھیلتے ہوئے شہر میں سرکاری زمینوں اور جائیدادوں کا درست ریکارڈ نہ ہونا مستقبل میں مزید مسائل کو جنم دے سکتا ہے۔ سرکاری زمینوں پر قبضے، غیر قانونی تعمیرات اور املاک کے تنازعات کی ایک بڑی وجہ یہی ہے کہ قابل اعتماد اور جدید ڈیجیٹل ریکارڈ تیار کرلیں تو نہ صرف انتظامی امور میں بہتری آ سکے گی بلکہ سرکاری وسائل کا تحفظ بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ موجودہ دور میں ڈیٹا ہی سب سے بڑی طاقت بن چکا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے سرکاری املاک کی ڈیجیٹل رجسٹریشن جلد مکمل کرنے کی ہدایت اس لئے بھی قابل ستائش ہے کہ یہ اقدام مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ ہدایات صرف اجلاسوں کے اعلامیوں تک محدود نہ رہیں بلکہ ان پر عملی اقدامات بھی کئے جائیں تاکہ عوام کو اس عمل میں بھرپور حصہ لیں اور ایک ایسا مضبوط و مربوط نظام تشکیل دیا جائے جس کے ذریعے سرکاری املاک کا مکمل ریکارڈ ڈیجیٹل شکل میں محفوظ ہو اور کسی بھی وقت اس تک رسائی ممکن ہو۔

روشن کہیں بہار کے امکاں ہوئے تو ہیں

زیادتی نہیں کی جو بھی ظلم ان آتے ہو وہ ملک کے راستے ہی دشواگذار ہیں نہ ہوں اگر اراد و تعمیر ہو منزل قریب آ ہی جاتی ہے۔ پچھلے چند برس ہمارے سیاسی حالات اتنے تلخ اور تشویش ہو چکے ہیں کہ ہر کسی کو یہی خوف طاری ہو جاتا ہے کہ ہم کدھر جا رہے ہیں۔ ہر طرف بے یقینی کی کیفیت ہے۔ اس تناظر میں یہ بھی دیکھنا ضروری ہے کہ ہم نے اتنے برس کے بعد بھی اپنے ماضی سے کوئی سبق سیکھا ہے یا نہیں۔ کیا ہم اپنی غلطیوں کو دہرانے کی روش ترک کر چکے ہیں یا نہیں۔ ہم کہاں کھڑے ہیں اور ہمارا مستقبل کیا ہے؟ یہ سوال ہر شہری کے ذہن میں ہیں۔ ہمارے ہاں ہر دور میں کچھ ایسے کردار سامنے آتے ہیں جو اپنی ذات کو قومی مفاد پر فوقیت دیتے ہیں۔ ان کی ذات کا مفاد ہی ان کا مقصد ہوتا ہے۔ ان کی ذات کا مفاد ہی ان کا مقصد ہوتا ہے۔ ان میں سے کچھ کردار ایسے بھی ہیں جو اپنی ذات کے مفاد کو قومی مفاد پر فوقیت دیتے ہیں۔ ان کی ذات کا مفاد ہی ان کا مقصد ہوتا ہے

قیام امن کیلئے پولیس کے نظام کو موثر بنایا جائے، ایس ایس پی سیستہ محمد

مختلف علاقوں میں نئے پولیس تھانے قائم کیے گئے ، جن میں زور گڑھ اور باغ ٹیل کے تھانے شامل ہیں

نئے تھانوں ، پولیس چوکیوں کے قیام سے جرائم پیشہ عناصر کی نگرانی میں نمایاں عمل دخل رہی ہے، حافظ معاذ

علاقوں میں پولیس کی موجودگی بڑھنے سے عوام کے مسائل کے فوری ازالے اور امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے میں بھی مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمٰن نے بتایا کہ اسٹیشن ہاؤس کے تھانے کی حیثیت سے چوبی سے انتظامی اور آبادی کے لحاظ سے وسعت اختیار کر رہا ہے، جس کے باعث پولیس پر ذمہ داریوں میں اضافہ ہوا ہے۔ موجودہ حالات اور بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر پولیس فورس میں عوام کی خدمت کا جذبہ اور مزید بہتر انداز میں کام کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت اسٹاف پولیس کانسٹیبل 183 اور 15 کانسٹیبلز کی فوری ضرورت ہے تاکہ نئے تھانے کو مزید فعال اور پولیس چوکیوں کو مطلوبہ نفری فراہم کی جا سکے اور مختلف

قلات، ڈی سی خالد خان کاکڑ بذریعہ بارہ الاول کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ذمہ داریاں بطور پارٹ ٹائم ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے ہم کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹاف کو مختلف شعبہ جات میں تربیت دی جائے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں بہتر طریقے سے ادا کر سکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر رینا زبیر، ریجنل پولیس آفیسر محمد عمر، ریجنل پولیس آفیسر محمد عمر، ریجنل پولیس آفیسر محمد عم

روزنامہ مشرق کوئٹہ MASHRIQ

شہر شہر پیارا بلوچستان

جشن آزادی فیسٹیول میں نوجوانوں کی غیر معمولی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ !!

محکمہ کھیل و امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام اسی جشن آزادی 2026 کے سلسلے میں انگریزی و اردو ڈیبیٹ میشن مقابلوں کا انعقاد 13 اگست 2026 کو چوتھے



رشید احمد خان

ڈیٹر زمیاں ایوب سٹیڈیم میں منعقد ہوا تقریب کے مہمان خصوصی مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے کھیل اور نوجوانان بلوچستان بیرسٹر میر محمد بلوچ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ہمایوں میں سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان حکومت بلوچستان رابعہ ڈپٹی سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان جواد احمد شاہ کاکڑ ڈپٹی کمشنر مقابلے کے جج فرخ فرائض احمد وقاص کاکڑ اور حماد کھیلی نے سرانجام دیئے تھے۔ اردو ڈیبیٹ میشن مقابلے کے جج کے فرائض سہیل ایمان یوسف خان اور محمد صمیر نے سرانجام دیئے۔ اردو ڈیبیٹ میشن مقابلے میں پبلک ہائی سکول کوئٹہ نے حاصل کی جبکہ دوسری پوزیشن کے لئے بلوچ کالج نے حاصل کی اور اردو ڈیبیٹ کے لئے بلوچ کالج کوئٹہ کے محمد کوثر نے حاصل کی جبکہ دوسری پوزیشن کے لئے بلوچ کالج کوئٹہ کے ہی محمد زبیر نے حاصل کی اور اردو ڈیبیٹ میشن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں ہوتا خوشی و بہاٹ بلیت کا بہتر

اور نوجوانوں کے لیے سٹیزر بلوچستان، جونیئر سٹیزر بلوچستان، کلاسک فٹبال بلوچستان، جونیئر کلاسک فٹبال بلوچستان، مین فٹبال بلوچستان اور جونیئر مین فٹبال بلوچستان کے لیے ایک ایک لاکھ روپے فی نفر انعام کا اعلان کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کی شاندار کارکردگی اور ایونٹ کا کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے 12 لاکھ روپے فی نفر انعام کا بھی اعلان کیا گیا، جو کھیلوں کے فروغ اور ایسوسی ایشنوں کی حوصلہ افزائی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ 79 ویں یوم آزادی اور انٹرنیشنل چیمپئن شپ 2026 کا اختتام ہوا تو انعامات کی تقریب میں مولانا ہزار خان آچرزئی قلب کوئٹہ و اتح اختر جامع مسجد پشتون آباد کوئٹہ میں 14 اگست 2026 کو منعقد ہوا تقریب کے مہمان خصوصی قاضی رشمار و پروفیسر حافظ عبید اللہ تھے سو یے کے مختلف اضلاع کے تیم ایونٹ میں اپنی اپنی اندازی گلبر کی نمائندگی کر رہے تھے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کوئٹہ محمد اسلام خان کورزئی کی کوشش پر پہلی مسلسلے کو مورد کے دامن میں قائم مولانا ہزار خان آچرزئی (تیم اندازی) کا قلب اختر کوئٹہ میں منعقد محمد کھیل و امور نوجوانان بلوچستان کے زیر اہتمام ایونٹ میں شرکت کرنے آچرزئی کلبوں کے تیم اندازوں کی زاتی طور پر حوصلہ افزائی فرمائی محسوس شب میں مولانا نیاز محمد درانی آچرزئی کلب کے سینئر احمد اور جونیئر مقابلوں میں مرحل احمد خان کوئٹہ میڈیز جیتنے میں کامیاب ہوئے۔ چیمپئن شپ سے اختتام پر مہمان خصوصی قاضی رشمار و پروفیسر حافظ عبید اللہ نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ تماشائیوں کی ایک بڑی تعداد، بشمول محکمہ کھیل و امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام منعقد ہوا تاکہ یوم آزادی اور انٹرنیشنل چیمپئن شپ 2026 کے مقابلوں سے محظوظ ہوئے۔ اس موقع پر بلوچستان باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے صدر رحمت اللہ خان کورزئی، بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن کے سینئر ایسوسی ایٹ سیکریٹری محمد اکمل کاکڑ، مولانا نیاز محمد درانی آرچری کلب کوئٹہ کے صدر امراد احمد، جنرل سیکریٹری محمد نعایں، قاضی رشمار حامی فیض اللہ خان کورزئی اور دیگر معزز شخصیات موجود تھے۔

بولان مائنگ انٹر پرائزز کی طلباء و طالبات میں بیگ کی تقسیم

بیلا ماسٹر بولان مائنگ انٹر پرائزز کی جانب سے بیگز تقسیم کا خیر مقدم

خضدار (پ ر، پورٹ) خضدار، بولان مائنگ انٹر پرائزز کی جانب سے فیوزآباد کے مختلف سکولوں کے طلباء و طالبات میں سکول بیگز تقسیم کئے گئے اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول لنگو شاہوانی، مائنگ آفیسر ایمن آفسر احسن ندیم اور لیب اسسٹنٹ اعلا مروری نے بیلا ماسٹر ملتی جوابات اللہ زہری کی موجودگی میں جماعت اول تا ہفتم کے طلبہ و طالبات میں بیگز تقسیم کیے۔ مائنگ کی جانب سے سکول بیگز تقسیم کرنے کے موقع پر طلباء نے مسرت کا اظہار کیا اور بیلا ماسٹر کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بیگز دینے کا خیر مقدم کیا اور امید کا اظہار کیا کہ بولان مائنگ کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں کے مسائل حل اور طلباء طالبات اور اساتذہ کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ بولان مائنگ انٹر پرائزز کی جانب سے طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بیگز دینے کا خیر مقدم کیا اور امید کا اظہار کیا کہ بولان مائنگ کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں کے مسائل حل اور طلباء طالبات اور اساتذہ کے لیے بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سکول بیگز ملنے پر طلباء نے مسرت کا اظہار کیا اور بیلا ماسٹر نے

1 دہشت گرد ہلاک

سراج نے بتایا کہ بلوچستان لبنان الہند وستان اور فلپین الخوارج کے خلاف بلاتفریق اور پوری ریاستی قوت سے آپریشن جاری ہیں اور امن کے قیام تک یہ آپریشن موجود جاری رہیں گے۔ ایک سوال میں انہوں نے کہا کہ لبنان الہند وستان کے 9 زیادہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے پوچھا کہ آپ کو پتہ ہے کہ قوم کو اپنے بہادر پیشہ ور فوج پر جنہوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں کتنا فخر ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ بلوچستان میں ایک سال میں 48 دہشت گرد مارے گئے ہیں کیا یہ کم ہے۔ ڈی جی ایف سی بلوچستان نے کہا کہ ہم نے 3 سال کے دوران بلوچ کے خلاف کے تمام تنصیبات ختم کر لیں۔ سابق صدر نے بلوچ کے خلاف کے بچوں سے جاری جنگ کو ختم کر کے سیاست میں لے آیا۔ ویسٹ لینڈ نے بلوچ کے خلاف کے تمام دہشت گردوں کو ختم کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنی جانیں قربان کی ہیں ان کے خلاف کے تمام دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ ڈی جی ایف سی بلوچستان نے کہا کہ ہم نے بلوچ کے خلاف کے تمام دہشت گرد مار دیئے ہیں۔ ڈی جی ایف سی بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں ایک سال میں 48 دہشت گرد مارے گئے ہیں کیا یہ کم ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ بلوچستان میں ایک سال میں 48 دہشت گرد مارے گئے ہیں کیا یہ کم ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ بلوچستان میں ایک سال میں 48 دہشت گرد مارے گئے ہیں کیا یہ کم ہے۔ ڈی جی ایف سی بلوچستان نے کہا کہ ہم نے بلوچ کے خلاف کے تمام دہشت گرد مار دیئے ہیں

ملک میں دہشتگردی جاری، مائنز و منرلز پر لڑائیاں ہو رہی ہیں، محمود خان اچکزئی

اسپیکر صاحب! آپ دو دن رکھ لیں بحث و مباحثہ کیلئے، سب کو بولنے دیں، شاید درمیان میں کوئی راستہ نکل آئے، اسمبلی میں خطاب

احتجاج سیاسی کارکنوں کا حق ہے، جب انصاف نہیں ہوگا، عدلیہ اور میڈیا آزاد نہیں ہوں گے پھر تو سیاسی لوگ احتجاج کرتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (پ ر) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر پشتونخوامیپ کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنیادی طور پر پاکستان مسائل میں گرا ہوا ہے۔ ملک کے طول و عرض میں دہشت گردی، قتل اور مائنز و منرل پر لڑائیاں جاری ہیں، وزیرستان، باجوڑ، خیبر تک برا حال ہے۔ ان سب مسائل پر یہاں اراکین بولنا چاہتے ہیں۔ اسپیکر صاحب آپ دو دن رکھ لیں تاکہ یہاں آفریدی، بلوچ بھائی اور دیگر سب بات کریں۔ اگر ان مسائل پر بات نہ کی گئی تو عوام ہمیں معاف نہیں.......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی میاں والی میں شہید میجر احسان کی رہائش گاہ میں انکے بچوں سے گفتگو کر رہے ہیں

سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین کی وفاقی وزیر دفاع سے ملاقات

ملاقات میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تبادلہ خیال

بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دیکر ترقی کی نئی راہیں متعین کی جاسکتی ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سہولت کاری اور سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر کو بورڈ کی جانب سے کاروباری سہولت کاری، سرمایہ کاروں کو معاونت، سرمایہ کاری کے تحفظ اور مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے سازگار کاروباری ماحول کی تشکیل کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ.......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب پولیس کی سنیچرز کیخلاف کارروائی، مسروقہ موٹر سائیکل و اسلحہ برآمد

گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج "مزید کارروائی جاری ہے" پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب پولیس نے سنیچرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی سریاب ڈویژن عابد بخاری کی نگرانی میں ڈی ایس پی سریاب سرکل طالب حسین اور ایس ایچ او سریاب قاسم رودینی نے دیگر عملے کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر اور موٹر سائیکل سنیچرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل اور.......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے پاکستان مائنز لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان خان و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان سے کراچی جانیوالی شاہراہ سفر کے قابل نہیں رہی، جمال شاہ کاکڑ

سکھر والے روٹ پر سفر کرنے والے لوگوں کو سندھ پولیس کی جانب سے بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، رکن قومی اسمبلی

صوبے کی صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پی آئی اے و نجی ایئر لائنز نے کرایوں میں بڑے پیمانے پر اضافہ کیا جو ظلم کے مترادف ہے

سندھ حکومت کراچی میں پشتون کمیونٹی و کاروباری افراد کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کا نوٹس لے، پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے قومی اسمبلی میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کو درپیش سفری مشکلات اور کراچی میں پشتون کمیونٹی کو پیش آنے والے مسائل پر حکومت اور متعلقہ اداروں کی توجہ مبذول کرائی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ بہت تکلیف میں رہتے ہیں، کراچی جانے والی شاہراہ تقریباً سفر کے قابل نہیں رہی،.......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

چمن، صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل اسپیکر اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے انکے بیٹے کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

یو اے ای میں رہ کر اسی کیخلاف فریق بنیں تو وہ ردعمل تو دیگا، خواجہ آصف

اسی نوے فیصد وہ لوگ ہیں جن لوگوں نے حالیہ جنگ میں یو اے ای میں فریق بننے کی کوشش کی، وزیر دفاع

صرف بھارت اور امریکا کے پاسپورٹ والوں کو سفر کی اجازت تھی، اسد قیصر کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے ایران امریکا جنگ کے بعد یو اے ای میں پاکستانیوں کے ساتھ ناروا سلوک کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا دیا، بیرسٹر گوہر نے کہا یو اے ای ہمارا دوست ملک ہے لیکن جو کچھ ہوا اس پر تحفظات ہیں، اسد قیصر نے کہا کہ بھارت اور امریکی پاسپورٹ والوں کو سفر کی اجازت دی جا رہی پاکستانیوں کو نہیں، خواجہ آصف نے کہا کہ جب آپ کسی ملک میں رہ کر اسی کے خلاف فریق بنیں گے تو وہ ردعمل تو دے گا۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں تحریک انصاف نے پاکستانیوں کو اماراتی ویزا نہ ملنے، ویزا ایکسپائر ہونے پر.......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار و دیگر کا ڈائریکٹر پی پی آر اے کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلوچستان میں سیلانی کے تحت آئی ٹی، فنی تعلیم، صحت اور روزگار کے نئے مواقع

کوئٹہ میں خواتین کے لیے تقریباً 30 کمپیوٹرز پر مشتمل ویمن آئی ٹی لیب و ایجوکیشن اسپیس قائم کی جائے گی

کراچی (این این آئی) سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ اور محکمہ سماجی بہبود، حکومت بلوچستان کے درمیان صوبے کے نوجوانوں، خواتین، خصوصی افراد اور محروم طبقات کو جدید آئی ٹی، فنی و پیشہ ورانہ تعلیم، زبان اور روزگار سے منسلک مہارتیں فراہم کرنے اور علاج و معالجے کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے جامع مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔.......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وندر میں ٹرالر کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار ہلاک

نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وندر کے علاقے میں ٹرالر کی ٹکر سے 2 موٹر سائیکل سوار ہلاک ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کراچی شاہراہ پر وندر کے مقام پر تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار دو افراد ہلاک ہوگئے نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا۔

متاثرہ خاتون اسماء کو جلد انصاف فراہم کریں گے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

خواتین کیخلاف تشدد، جبری نکاح، اغواء سمیت کوئی زیادتی قبول نہیں، صوبائی مشیر ویمن ڈویلپمنٹ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے قمبرانی روڈ کی رہائشی خاتون اسماء کی جانب سے مبینہ تشدد، جبری نکاح اور اغواء کی کوشش سے متعلق سامنے آنے والے معاملے پر کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متاثرہ خاتون کو انصاف اور مکمل تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو واقعہ کی شفاف اور غیر.......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

قیام امن کیلئے جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کے عوام کو پسماندگی، بیروزگاری، بدامنی و بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کا سامنا ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

صوبے کے معدنی، ساحلی و دیگر وسائل سے حاصل آمدنی کا بڑا حصہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جائے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن، عوام کے بنیادی حقوق کے حصول، وسائل کی منصفانہ تقسیم، بدامنی، بدعنوانی اور ناانصافی کے خاتمے کیلئے جماعت اسلامی عملی اور بھرپور جدوجہد جاری رکھے گی بلوچستان کے عوام دہائیوں سے پسماندگی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کا سامنا کر رہے ہیں، صوبے کے عوام کو محض وعدوں اور نعروں کی بجائے عملی اقدامات اور اپنے حقوق کا تحفظ چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر.......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل کا اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے اظہار افسوس

چمن (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ان کے صاحبزادے شاہ اللہ اچکزئی کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے دوران مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور درجات کی بلندی کے لئے دعا گو ہے۔ اس موقع پر انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس مشکل گھڑی میں وہ برابر کے شریک ہیں۔

سپریم کورٹ کے فیصلے سے دل کا بوجھ کم ہوا ہے، سعد رفیق

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سچ یہ ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے میرے دل کا بوجھ کچھ کم ہوا ہے۔ عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے پر بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ بانی کی الشفا ہسپتال منتقلی اور بہن سے ملاقات خوش آئند ہے، فیصلے سے عدلیہ کا وقار بحال ہوگا، سچ یہ ہے فیصلے سے میرے دل کا بوجھ کچھ کم ہوا ہے، بہتر ہوتا کہ حکومت یہ فیصلہ خود کرتی، برسات کی حبس زدہ رت میں یہ فیصلہ ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ہے۔

آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکرز پر حملے جاری، پیٹرول مہنگا

واشنگٹن (م ڈ) آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں پر جاری حملوں اور امریکا ایران مذاکرات میں تعطل کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں جولائی کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ عالمی خبر رساں اداروں کے مطابق عالمی منڈی میں 18 اگست کو برینٹ خام تیل کی قیمت 91 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔۔۔

پاسکو کے پاس اسٹریٹیجک ذخائر ختم، گندم درآمد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ایگری کلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) کے پاس گندم کے اسٹریٹیجک ذخائر تقریباً ختم ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف کی اجازت کے باوجود وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کے حصول میں ناکام رہیں جس کے باعث پاسکو کے پاس گندم کے اسٹریٹیجک ذخائر تقریباً مکمل طور پر ختم ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق اب اقتصادی رابطہ کمیٹی نے 10 لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کی منظوری دیدی ہے اور درآمد سے پہلے ضروری شرائط پوری کرنے کیلئے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔

صوبے میں صحت عامہ کے معیار کو بلند کرنا اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ

دور دراز علاقوں میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے کوشاں ہیں، صوبائی وزیر

نظام کی بہتری کیلئے مختلف اضلاع کے ہسپتالوں کا اچانک معائنہ کریں گے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت عامہ کے معیار کو بلند کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے صوبے کے دور دراز علاقوں میں صحت کے نظام کو مضبوط بنانا ان کی اولین ترجیح ہے بلوچستان کے عوام معیاری طبی سہولتوں کے حق دار ہیں، اور صحت کا نظام بہتر کیے بغیر حقیقی ترقی ممکن نہیں یہ بات انہوں نے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پشین انٹیلی جنس بیسڈ پر آپریشن کروڑوں کی منشیات برآمد

منشیات کی تیاری میں استعمال ہونے والی فیکٹری بھی مسمار کردیا گیا، پولیس

پشین (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پشین میں پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے انٹیلی جنس معلومات پر بنی ایک مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر کے تلف کردی ہیں اور منشیات کی تیاری کیلئے استعمال ہونے والی فیکٹری کو بھی مسمار کردیا گیا ہے۔ تھانہ یارو کی حدود میں واقع اسٹیشن کالونی میں یہ آپریشن آئی جی پولیس بلوچستان اور آئی جی ایف سی نارتھ کی ہدایات پر ایس ایس پی پشین نوید عالم کی نگرانی میں کیا گیا۔.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

نائٹروجنیس کھاد کی نقل و حمل پر عائد پابندی مسترد کرتے ہیں، زمیندار ایکشن کمیٹی

پابندی سے بلوچستان کی زراعت کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، ملک نصیر احمد شاہوانی

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان نے حکومت بلوچستان کی جانب سے نائٹروجنیس کھاد کی نقل و حمل، خرید و فروخت، سپلائی اور تقسیم پر عائد پابندی کو مسترد کرتے ہوئے فیصلے پر فوری نظرثانی اور پابندی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمان بازئی سمیت دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کھاد کی ترسیل اور فراہمی پر پابندی سے بلوچستان کی زراعت.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کان کنوں کی حفاظت اولین ترجیح، غفلت برداشت نہیں، شعیب نوشیروانی

مائنز لیبر کے مسائل کے فوری حل کیلئے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ خزانہ کے حکام کے ساتھ ملکر عملی اقدامات اٹھائیں گے، صوبائی وزیر معدنیات

صوبائی وزیر کا ورکرز ویلفیئر گرانٹ اور فنڈز کے اجراء سے متعلق جامع سمری تیار کر کے منظوری کیلئے وزیراعلیٰ کو ارسال کرنے کا فیصلہ

کانکنوں کے حقوق و جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، مائنز لیبر فیڈریشن کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے پاکستان مائنز لیبر فیڈریشن کے ایک وفد نے اہم ملاقات کی، جس میں بلوچستان بھر کے کان کنوں کو درپیش مسائل، تحفظات اور مختلف مطالبات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے مائنز لیبرز کو درپیش مشکلات، فلاح و بہبود، طبی سہولیات، حفاظتی اقدامات اور دیگر بنیادی مسائل سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

تعلیمی ادارے مڈل کے امتحانی فارمز فوری جمع کرائیں، ڈی ای او کوئٹہ

31 اگست آخری تاریخ مقرر، اس کے بعد کوئی فارم وصول نہیں کیا جائیگا، ڈی او میل

نقل کی روک تھام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے، ڈاکٹر نصیر علی شاہ، شیر احمد سمالانی

کوئٹہ (پ ر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر نصیر احمد شاہ اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن نے تمام سرکاری و پرائیویٹ سکولوں کے انچارج صاحبان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ مڈل سٹینڈرڈز امتحانات 2026ء کیلئے شیڈول کا اعلان ہو چکا ہے جس کے مطابق امتحانی فارمز جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست مقرر ہے انہوں نے کہا کہ سیکرٹری ثانوی تعلیم اور چیئرمین (بیک) کی ہدایت کے مطابق مقررہ تاریخ کے بعد کسی بھی تعلیمی ادارے سے امتحانی فارم وصول نہیں.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

جیت ہمیشہ حق کی ہوتی ہے، داؤد شاہ کاکڑ

عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، میر جہانگیر رند

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری میر جہانگیر رند نے کہا ہے کہ جیت ہمیشہ حق کی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ عمران خان کو جلد صحت یابی عطاء فرمائے عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے اس فیصلے پر بلاتاخیر عملدرآمد یقینی بنائیں عمران خان سے ملاقات اور علاج کی خبر سے قوم کی خوشی دیدنی اور تاریخی ہے۔ یہ بات انہوں نے ایڈووکیٹ.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پہیہ جام سے لاتعلقی پر ٹرانسپورٹ نمائندگان کے مشکور ہیں، نور احمد کاکڑ

کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کا پہیہ جام ذاتی مفادات پر مبنی تھا، بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ نے ضلع قلعہ عبداللہ و ضلع پشین کے ٹرک مالکان نے حاجی عبدالصمد کی قیادت میں ملاقات کی جس میں ٹرک مالکان نے مرکزی صدر سے آٹھ اگست کو کراچی ٹرانسپورٹ اتحاد کی جانب سے پورے ملک میں پہیہ جام ہڑتال کی کال پر بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹروں کی.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

وزراء کے پکنک کیلئے سیکیورٹی میسر، عوام کیلئے دستیاب نہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

بولان میں گیس پائپ لائن کی مرمت میں تاخیر سے عوام شدید اذیت میں مبتلا ہیں، عین اللہ شمس

گرمیوں میں بجلی، سردیوں میں گیس کی بندش نے صارفین کی زندگی اجیرن بنادی، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ بولان میں حکومتی وزراء کے پکنک منانے کیلئے امن میسر ہے مگر عوام کو گیس فراہم کرنے والی.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کی پیداوار میں 7 فیصد اضافہ، فیول کاسٹ 38 فیصد بڑھ گئی

جولائی 2026 کے دوران بجلی کی پیداوار 15,112 گیگاواٹ آور رہی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جولائی 2026 کے دوران بجلی کی پیداوار 15,112 گیگاواٹ آور رہی جو جولائی 2025 کے مقابلے میں سالانہ 7 فیصد زیادہ ہے۔ جولائی 2025 میں بجلی کی پیداوار 14,123 گیگاواٹ آور رہی تھی۔ عارف حبیب لمیٹڈ نے منگل کو جاری کردہ ایک نوٹ میں کہا کہ بجلی کی پیداوار جولائی کے کسی بھی ماہ کے مقابلے میں دوسری بلند ترین سطح پر رہی جس کی وجہ پانی اور مقامی و درآمدی کوئلے سے بجلی کی پیداوار کا تاریخ کی بلند ترین.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون سے لاکھوں روپے ہتھیانے کا الزام، مقدمہ درج

اداکار ساحر لودھی اور انکے ساتھی فیصل رضیاء نے 7 چیکس دیے جو باؤنس ہوگئے

کراچی (م ڈ) ٹی وی میزبان اور اداکار ساحر لودھی اور ان کے ساتھی فیصل ضیاء کے خلاف ایک بیوہ خاتون سے مبینہ طور پر 40 لاکھ روپے کی رقم ہتھیانے کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمہ لانڈھی مجید کالونی کی رہائشی نفہ وکیل کی درخواست پر تھانہ شاہ لطیف ٹاؤن میں درج کیا گیا۔ مقدمہ نمبر 2026/1569 کے مطابق خاتون نے پولیس کو بتایا کہ فیصل لشکر والا کے ذریعے ان.......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائیت کی بنیاد پر شناختی کارڈ منسوخ نہیں کیے جا رہے، طلال چوہدری

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیاسی قوتوں کی جانب سے خلا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیاسی قوتوں کی جانب سے خلا ہے، صوبائیت کی بنیاد پر شناختی کارڈ منسوخ نہیں کیے جا رہے۔ منگل کو قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب میں.......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بولان میں گیس پائپ لائن کی مرمت یقینی بنائے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ، پشین، زیارت، مستونگ و دیگر اضلاع میں گیس کی فراہمی شدید متاثر، لاکھوں صارفین شدید مشکلات سے دوچار ہیں

کمپنی کی جانب سے سیکیورٹی معاملہ اپنی جگہ لیکن طویل عرصے تک عوام کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنا ہمیں قبول نہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں بولان میں گیس پائپ لائن کی مرمت نہ ہونے سے صوبے کے کئی اضلاع گیس سے محروم اور عوامی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے جس پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت گیس کمپنی کو مکمل سیکیورٹی فراہم اور سوئی سدرن گیس کمپنی فوری طور پر پائپ لائن کی مرمت کر کے گیس بحالی کیلئے اقدامات اٹھائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بولان میں گزشتہ دنوں گیس پائپ لائن کو دھماکے سے نقصان پہنچائے جانے کے بعد تا حال پائپ لائن کی مرمت مکمل نہ ہو سکی، جس کے باعث صوبے کے کئی اضلاع کوئٹہ، پشین، زیارت، مستونگ و دیگر میں گیس کی فراہمی بری طرح متاثر ہے اور لاکھوں صارفین شدید مشکلات سے دوچار ہیں بیان میں کہا گیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس فراہمی کے اوقات کار فوری طور پر واپس لیکر مکمل.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کچی بیگ سے اغواء خاتون کو بحفاظت بازیاب کرالیا گیا، ایس ایس پی آپریشن

پولیس نے کیس میں نامزد 4 ملزمان کو گرفتار کر کے واردات میں استعمال اسلحہ و گاڑی قبضے میں لی

گرفتار ملزمان اس وقت پولیس ریمانڈ پر ہیں واقعہ کی مزید تفتیش جاری ہے، ضیاء الحق مندوخیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل نے کہا ہے کہ کچی بیگ پولیس نے مسماۃ اسماء دختر امان اللہ اغواء کیس میں نامزد 4 ملزمان کو گرفتار کر کے واردات میں استعمال اسلحہ و گاڑی پولیس نے قبضے میں لی ہوئی ہے اور مغویہ کو بھی بحفاظت بازیاب کرالیا گیا تھا۔ اپنے جاری کردہ وضاحتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مسماۃ اسماء، امان اللہ سکنہ قمبرانی روڈ کوئٹہ کی جانب سے پریس کانفرنس میں اپنے کزن خدا بخش کے ساتھ 2022ء.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

شبیر احمد کا معاملہ برطانیہ کا اندرونی مسئلہ ہے، پاکستان

برطانیہ نے واپسی کے لیے دباؤ بڑھایا تو دو طرفہ تعاون متاثر ہو سکتا ہے، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے روچڈیل گرومنگ گینگ کے سرغنہ شبیر احمد کو برطانیہ سے پاکستان واپس بھیجنے کے مطالبے پر سخت تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر برطانیہ نے پاکستان پر انہیں قبول کرنے کے لیے دباؤ ڈالا تو غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی، انٹیلی جنس اور منظم جرائم کے خلاف تعاون متاثر ہو سکتا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق اسلام آباد نے گزشتہ ایک سال کے دوران.......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان فائرنگ سے 7 افراد ہلاک، 3 لاشیں برآمد

بزار کنجی روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے تین افراد موقع پر دم توڑ گئے، 2 زخمی، خاران اور نوشکی سے برآمد لاشیں ہسپتال منتقل

فرید احمد کو حب میں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا، قلعہ عبداللہ میں محمد صدیق فائرنگ سے ہلاک، اوستہ محمد میں خاتون سمیت دو افراد قتل

کوئٹہ/خضدار (سٹی رپورٹر + بیورو رپورٹ + آن لائن) تھانہ شالکوٹ کے علاقے لنک بزار کنجی روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 3 افراد کو قتل اور 2 کو زخمی کردیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق تھانہ شالکوٹ کے علاقے سونا خان لنک بزار کنجی روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے تین افراد احمد ولی، داؤد اور محمد داؤد کو قتل جبکہ غلام نبی، رحمت کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو.......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، قمبرانی روڈ کی رہائشی اسماء بی بی پریس کانفرنس کر رہی ہیں

میر رضا کیس میں والد نے سفری ریکارڈ سامنے لانے کا مطالبہ کردیا

کراچی (بیورو رپورٹ) میر رضا کیس میں والد نے سفری ریکارڈ سامنے لانے کا مطالبہ کردیا۔ رپورٹ کے مطابق میر رضا کیس کی تحقیقات جاری ہیں، میر رضا کے والد میر حسن نے واقعے سے متعلق اہم سفری ریکارڈ حاصل کرنے کا مطالبہ کردیا ہے۔ والد میر حسن کا کہنا ہے کہ میر کے گھر جانے سے لیکر لاش ملنے تک کا ایئرپورٹ فلائٹس ڈیٹا حاصل کیا جائے۔۔

امریکیوں سے کسی قسم کی بات چیت نہیں ہو رہی، ایران

تہران (م ڈ) ایران کی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا ہے کہ امریکیوں سے کسی قسم کی بات چیت نہیں ہو رہی۔ اپنے ایک بیان میں حسین محبی نے کہا ہے کہ سفارتی معاملات وزارت خارجہ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کی ذمے داری ہیں، امریکا سے سفارتی ذرائع کے ذریعے بھی کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔

آبنائے ہرمز میں جہاز رانی سست روی کا شکار

تہران (م ڈ) آبنائے ہرمز میں جہاز رانی بدستور سست روی کا شکار ہے۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ روز 6 کمرشل مال بردار جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے، ان میں سے 3 خلیج میں داخل ہوئے اور 3 خلیج سے باہر نکلے۔ گزشتہ 10 دن کی اوسط تقریباً 11 جہاز روزانہ تھی، ہفتے کے روز آمد و رفت کم ہو کر صرف 3 جہاز رہ گئی تھی، جبکہ اتوار کو یہ تعداد مزید کم ہو کر 2 جہاز رہ گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق کوئی ایل ایم جی ٹینکر آبنائے ہرمز سے گزرتا ہوا ریکارڈ نہیں کیا گیا۔۔

ایران: مہنگائی کی شرح 66 فیصد تک پہنچ گئی

تہران (م ڈ) ایران میں سالانہ مہنگائی کی شرح 66 فیصد تک پہنچ گئی۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق خوراک اور مشروبات کی قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر 128.1 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ایران میں کم از کم 8 بنیادی چیزوں کی قیمتیں 12 ماہ میں دگنی سے بھی زیادہ قیمت کی ہوگئی ہیں۔ ایرانی خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ جولائی میں مہنگائی کی ماہانہ شرح 3.1 فیصد ریکارڈ ہوئی تھی۔

عوام جمہوری و ترقی پسند سیاست کو اپنی امید سمجھتے ہیں، نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی کی سیاست کسی فرد، خاندان یا مخصوص طبقے کے مفادات کے گرد نہیں گھومتی، رحمت صالح بلوچ

سیاسی جماعتوں کے کارکن عوام کے درمیان رہ کر انکے مسائل اجاگر کریں، اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے بزار کنجی سمیت سریاب کے مختلف علاقوں سے مری برادری کے سینکڑوں افراد کی سیاسی و سماجی رہنما میر احمد مری کی سربراہی میں نیشنل پارٹی میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کا نیشنل پارٹی پر بڑھتا ہوا اعتماد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے عوام جمہوری، ترقی پسند اور قومی حقوق کی سیاست کو اپنی امید سمجھتے ہیں.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کی صحت خراب، عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے، وکلاء

عدالت کا حکم ہے بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے فوری الشفاء ہسپتال منتقل کیا جائے، علی احمد کرد

سپریم کورٹ کے اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہیں، منیر اے ملک، حامد خان، عابد زبیری

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان وکلاء ایکشن کے چیئرمین علی احمد کرد، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدور منیر اے ملک، حامد خان، عابد زبیری آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی سیکرٹری صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن حسیب جمالی نائب صدر سندھ بیرسٹر صلاح الدین نائب صدر پنجاب ربیہ باجوہ نائب صدر خیبر پختونخوا اعلیٰ زمان نائب صدر اسلام آباد و ریاست آزاد و مرکزی سیکرٹری اطلاعات راحب خان بلیدی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں سابق وزیراعظم عمران خان کی خرابی صحت کی خبروں کے حوالے سے عوام میں جو شدید بے چینی پائی جا رہی تھی سپریم کورٹ آف پاکستان کا فیصلہ جس کے تحت حکومت وقت کو حکم دیا.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان میں دہشتگردی، ایل پی جی کی قلت اور قیمت میں اضافے کا خدشہ

30 سے 40 پٹرولیم وایل پی جی ٹینکروں پر بلوچستان میں حملے ہوئے ہیں جس سے تقریباً دو ارب روپے کا نقصان ہوا

فوری اور موثر اقدامات نہ اٹھائے گئے تو پاکستان میں فراہمی مستقبل قریب میں بری طرح متاثر ہو سکتی ہے، اوگرا کا انتباہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بلوچستان میں سیکورٹی کے مخدوش حالات کے باعث آئندہ دنوں میں ایل پی جی کی قلت پیدا ہونے اور قیمتوں میں اضافے کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ اوگرا سے حاصل دستاویزات کے مطابق بلوچستان میں حالیہ دہشت گردانہ حملے بالخصوص ایل پی جی ٹینکروں کو نذر آتش کرنے کے واقعات نے غیر یقینی صورت حال پیدا کر دی ہے، جس کے نتیجے میں ایل پی جی کی قلت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور قیمت بھی بڑھ سکتی ہے۔ اوگرا دستاویزات کے مطابق بلوچستان بالخصوص کوئٹہ، نوشکی، دالبندین تفتان روٹ پر سیکورٹی انتظامات کا دائرہ وسیع.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر، جیوانی، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق قرعہ اندازی کے موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن و دیگر ماہی گیروں میں کشتیاں اور امدادی چیکس تقسیم کر رہے ہیں

ہیلتھ ملازمین کی تنخواہ ہیپاٹائٹس ٹیسٹ سے مشروط کرنے کا فیصلہ

وزرا سمیت تمام سرکاری ملازمین کے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازمی قرار دیے جائیں گے، پاکستان میں ایک کروڑ افراد موذی مرض میں مبتلا ہیں

اسلام آباد میں ہیپاٹائٹس اسکریننگ کے 17 پوائنٹس بنائے، نجی ہسپتالوں کو ہیپاٹائٹس کٹس اور انجیکشن دیے جائیں گے، مصطفیٰ کمال کی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزارت صحت کے ملازمین کیلئے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازم کیا گیا ہے، ٹیسٹ نہ کرانے والے وزارت صحت کے ملازمین کی تنخواہ بند کی جائے گی، وزرا سمیت تمام سرکاری ملازمین کے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازمی قرار دیے جائیں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزارت صحت کے جو ملازمین ٹیسٹ نہیں کروائیں گے، ان کی تنخواہ بند کی جائے گی، دیگر اداروں کے ملازمین کے ٹیسٹ کیلئے بھی رابطہ کریں گے۔ وزیر صحت کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں.......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی تنظیم تاجران کے سیکرٹری جنرل عبدالقیوم آغا کو کراچی چیمبر آف کامرس کے دفتر میں صدر محمد ریحان شیلڈ پیش کر رہے ہیں

گوادر پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار، مسروقہ گاڑی برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گوادر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر اور گاڑی چھیننے والے ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ گاڑی برآمد کرلی پولیس کے مطابق گزشتہ روز گوادر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر اور گاڑی چھیننے والے گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین ملزمان علی جان، حنیف اور لہداد کو گرفتار کر کے جواد نامی شخص سے چھینی گئی گاڑی برآمد کرلی اور ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

سردار اختر جان مینگل کے منیجر و گارڈ بحفاظت گھر پہنچ گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کے منیجر حاجی رجب علی اور سیکورٹی گارڈ احمد بازیاب ہوگئے ذرائع کے مطابق انہیں دیگر ساتھیوں کے ہمراہ 10 روز قبل کراچی میں ان کی رہائش گاہ سے نامعلوم مسلح افراد لے گئے اور تفتیش کے بعد باقی ساتھیوں کو چھوڑ دیا گیا مگر ان دونوں کو 10 روز بعد چھوڑا گیا ہے جو گزشتہ روز اپنے گھر پہنچ گئے ہیں۔

اسحاق ڈار سے روس کے سفیر کی ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ خوروف نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے پاکستان اور روس کے باہمی تعلقات میں مثبت پیش رفت کو سراہتے ہوئے اہم شعبوں میں مسلسل تعاون اور اعلیٰ سطح کے روابط کے تسلسل کی اہمیت پر زور دیا

عوام کو مایوس نہیں کریں گے، مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، سلیم کھوسہ

عوام براہ راست رابطہ کریں ان کے مسائل متعلقہ اداروں کیساتھ مل کر حل کریں گے، صوبائی وزیر

صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور حلقہ انتخاب میں ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو مایوس نہیں کریں گے اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ عوام کے دروازے میرے لیے ہمیشہ کھلے ہیں، عوام براہ راست اپنے مسائل سے آگاہ کریں، ان کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر موثر اقدامات اٹھائیں گے' یہ بات انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

باجی پیار کرتی ہیں، میرا کی ملازمہ تشدد کے بیان سے مکر گئی

یاسمین نے دو الگ ویڈیو بیانات میں تشدد کا الزام عائد پھر تردید کردی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں اداکارہ میرا کی ملازمہ پر مبینہ تشدد کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آنے کے بعد معاملے میں نیا موڑ آگیا۔ ملازمہ یاسمین کے دو متضاد ویڈیو بیانات سامنے آئے ہیں، ایک میں انہوں نے تشدد کا الزام عائد کیا جبکہ دوسرے میں اس کی تردید کردی۔ لاہور کے علاقے ڈیفنس میں اداکارہ میرا کی ملازمہ پر مبینہ تشدد کے معاملے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آئی ہے، جس میں.......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے انٹراپارٹی انتخابات 20 اگست کو ہونگے، مولانا قادر لونی

مرکزی اراکین شوریٰ کی رائے سے مرکزی امیر اور مرکزی جنرل سیکرٹری کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا، مفتی شفیع الدین

موروثی سیاستدان عوام کو سیاسی شعور و فکری آزادی کی بجائے غلامانہ سوچ کو فروغ دے رہے ہیں، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کنوینئر مفتی شفیع الدین اور مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کی مرکزی انٹرا پارٹی انتخابات 20 اگست کو کوئٹہ میں منعقد ہوں گے، جس میں مرکزی اراکین شوریٰ کی رائے سے مرکزی امیر اور مرکزی جنرل سیکرٹری کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ رہنماؤں نے کہا کہ ملک گیر رکنیت سازی مہم کامیابی کے ساتھ مکمل ہو چکی ہے، جس کے دوران عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی اور لاکھوں.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر